بلوچستان کا مقبول روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
روزنامہ
صباء
کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | بدھ 26 اگست 2026 | 12 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 165

افغانستان کے داخلی سکیورٹی مسئلے کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش گمراہ کن ہے، وزارت اطلاعات

پاکستان کی پالیسی واضح ہے کہ ایک مستحکم افغانستان نہ صرف افغان عوام بلکہ پورے خطے کے امن واستحکام کے لیے ضروری ہے، جبکہ پاکستان کو اپنے پڑوسی ملک کو غیر مستحکم کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں

افغانستان میں مختلف علاقوں میں سامنے آنیوالے مسلح تصادم کو بیرونی رنگ دینے کے لیے بے بنیاد اور غیر مصدقہ الزامات عائد کیے جارہے ہیں۔ افغان طالبان رجیم کو پاکستان پر الزام تراشی کے بجائے افغانستان کے اندر موجود سیاسی، انتظامی اور سکیورٹی چیلنجز کے حل پر توجہ دینی چاہیے

اسلام آباد (آن لائن) وزارت اطلاعات ونشریات نے افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کی جانب سے پاکستان کے خلاف عائد کیے گئے الزامات کو گمراہ کن، من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بدخشان میں جاری مسلح

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نومنتخب افسران سے خطاب کررہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کا عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت وباسعادت موقع پر امت مسلمہ کو دلی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاک ایران گیس پائپ لائن پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے کام نہ ہوسکا، علی پرویز ملک

فریقین دوستانہ ماحول میں مسئلے کا حل ڈھونڈ رہے، پاکستان پر پابندیاں موجود اس لیے عملی اقدامات نہیں کیے جارہے، سینیٹ میں جواب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر توانائی علی پرویز ملک نے ایوان بالا کو بتایا ہے کہ پاک ایران گیس پائپ لائن پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے کام نہ ہوسکا، مسئلے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی

سرفراز بگٹی

بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے

بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کیلئے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نومنتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے محنت، لگن، دیانتداری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران کی طرف سے پاکستان کی امن واستحکام اور کشیدگی میں کمی سمیت تنازع کے پرامن حل کی کوششوں کی تعریف

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران کے دورہ کے دوران ایرانی صدر سمیت اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں، اہم امور پر تبادلہ خیال

تہران، راولپنڈی (این این آئی) ایران کی قیادت نے پاکستان کی خطے میں امن واستحکام اور کشیدگی میں کمی سمیت تنازع کے پرامن حل کی کوششوں کو سراہتے ہوئے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق خطے میں امن وسلامتی کے فروغ کیلئے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبوں کو تقسیم کرنے کے بجائے حقوق کا تحفظ کیا جائے

فضل الرحمن

سیرت النبیؐ کے اجتماعات سے انسانیت کے لیے رسول اللہؐ کے پیغام کو تازہ کیا جاتا ہے، قرآن کریم کے ساتھ حکمت کا ذکر ہے، حکمت سے مراد رسول اللہؐ کی سنت بھی ہے

صحابہ کرامؓ کی زندگی ہمارے لیے معیار ہے، انہیں حق نہ سمجھنے والا گمراہ ہے، اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس کی استطاعت کے مطابق مکلف بنایا ہے

اسلام آباد (م ڈ) ہم ملک کے خیرخواہ ہیں اسلیے کھل کر بات کررہے ہیں، اس معاملے پر انتشار پھیلنے کا خدشہ ہے، مولانا جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ صوبوں کو توڑنے کے بجائے ان کا تحفظ کیا جائے، ہم ملک کی خیرخواہی چاہتے ہیں۔ ولادت النبی ﷺ کی مناسبت سے اپنے پیغام میں جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ سیرت النبی ﷺ کے اجتماعات

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سعودی جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین اعلیٰ حضرت شہزادہ منصور بن آل سے ملاقات کررہے ہیں

سیرت النبیؐ ہر دور کے بنی نوع انسان کیلئے کامل رہنمائی کا سرچشمہ ہے

صدر، وزیراعظم

نوجوان نسل کی بہترین کردار سازی کے لیے سچائی، دیانت، محنت، نظم وضبط، قانون کی پاسداری اور احساس ذمہ داری جیسے اسلامی شعائر کو ان کی تربیت کا حصہ بنانا ہوگا۔ نوجوان نسل سیرت رسولؐ کی روشنی سے منور ہوکر علم وتحقیق، محنت اور خدمت کے جذبے سے سرشار ہو اور ملک وقوم کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرے

رسول اللہؐ کی بعثت نے انسانی معاشرے کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ایک نئی سمت عطا کی۔ آپؐ نے مکہ مکرمہ میں توحید، تقویٰ اور اخلاقی پاکیزگی جیسی اقدار کے ذریعے اصلاح کی بنیاد رکھی، جبکہ مدینہ منورہ میں عدل ومساوات، قانون کی بالادستی اور انسانی حقوق وفرائض پر مبنی اسلامی معاشرہ قائم کیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے 12 ربیع الاول 1448ھ کے بابرکت موقع پر پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم امت مسلمہ کو سید الانبیاء، خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پر دلی مبارکباد اور عقیدت پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی ذات مطہرہ نے ایمان، علم، اخلاق اور عدل پر مبنی ایک مکمل اور مثالی ضابطہ حیات کا پیغام الٰہی عالم انسانیت تک پہنچایا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اس سال قومی سطح پر 12 ربیع الاول ""نسل نو کا تحفظ، تعمیر اور کردار، سیرت النبیؐ کی روشنی میں"" کے عنوان سے منایا جا رہا ہے۔ نوجوان نسل کی بہترین کردار سازی کے لیے سچائی، دیانت، محنت، نظم وضبط، قانون کی پاسداری اور احساس ذمہ داری جیسے اسلامی شعائر کو ان کی تربیت کا حصہ بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل سیرت رسولؐ کی روشنی سے منور ہوکر علم وتحقیق، محنت

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر داخلہ محسن نقوی کی صدر ایران سے ملاقات، خطے میں کشیدگی اور مفاہمتی عمل پر اہم گفتگو

ایرانی صدر نے اپنی حکومت کا موقف اور تحفظات واضح انداز میں سامنے رکھے، جس پر دونوں اطراف سے مثبت مکالمہ ہوا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ان کی صدر ایران کے ساتھ ایک اہم اور تعمیری ملاقات ہوئی ہے جس میں ایران اور امریکا کے مابین تنازعہ، مشرق وسطیٰ کی حالیہ صورتحال اور امن کے قیام کے لیے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، اسحاق ڈار

مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑا سکتے، قزاقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہوگئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے، گفتگو

لندن (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی۔ میڈیا سے گفتگو میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ صومالیہ میں بحری قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آبنائے ہرمز سے تیل برآمد کرنے کے امریکی دعوے نفسیاتی جنگ کا حصہ ہیں، ایران

ایران نے بلغاریہ کو امریکی طیاروں کو ری فیولنگ سہولت دینے پر حملوں سے خبردار بھی کر دیا

تہران (این این آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے تیل برآمد کرنے کے امریکی دعوے نفسیاتی جنگ کا حصہ ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران نے بلغاریہ کو امریکی طیاروں کو ری فیولنگ سہولت دینے پر حملوں

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نجی میڈیکل کالجز میں 18 سے 21 لاکھ روپے سالانہ فیس مقرر کی گئی ہے، پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت

پاکستان کے ڈاکٹرز آج دنیا میں اچھا نام ہیں، بڑے نظام میں شکایات ہوتی ہیں، ہمیں شکایات آئی ہیں ان کا جائزہ لے کر نوٹس جاری کئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت ڈاکٹر نیلسن عظیم نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ نجی میڈیکل کالجز میں 18 سے 21 لاکھ روپے سالانہ فیس مقرر کی گئی ہے، اس سے زائد فیس وصولی پر 45 اداروں کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

روس، یوکرین سفارت کاری کی طرف واپس آئیں، پاکستان

خطے میں امن و استحکام کیلئے مذاکرات دوبارہ شروع کریں

اقوام متحدہ (یو این اے) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں شہریوں پر ڈرون اور میزائل حملوں میں مسلسل اضافے کے پیش نظر فوری اور مکمل جنگ بندی کا مطالبہ دہراتے ہوئے فریقین پر زور دیا ہے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب جرمن سفیر محترمہ اینا لیپل سے ملاقات کررہی ہیں

نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

نبی کریم ﷺ نے معاشرے کے کمزور طبقات، یتیموں، مسکینوں، خواتین اور ضرورت مندوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی زور دیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر پوری قوم اور بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے محبت، اخوت، برداشت،

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان ریلوے اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان صوبے میں ریلوے نظام کی بحالی کیلئے فریم ورک معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان ریلوے اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان صوبے میں ریلوے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی میں عید میلاد النبی ﷺ کو شایان شان طریقے سے منانے کی حامل قرارداد متفقہ طور پر منظور

اسلام آباد (یو این اے) قومی اسمبلی نے عید میلاد النبی ﷺ کو شایان شان طریقے سے منانے اور نبی اکرم ﷺ کی سنت وسیرت کے فروغ کے عزم کی حامل قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔ منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں معمول کی کارروائی معطل کر کے یہ قرارداد وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ضلع لیہ میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے اقدامات جاری ہیں، وفاقی وزیر معین وٹو

لیہ سے 3 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے جیسے ہی پانی کم ہوگا بحالی اور معاوضہ جات کیلئے اقدامات شروع کئے جائیں گے، قومی اسمبلی کو آگاہی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آبی وسائل معین حیدر وٹو نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ ضلع لیہ میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے فوری اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، لیہ سے 3 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے جیسے ہی پانی کم ہوگا بحالی اور معاوضہ جات کیلئے اقدامات شروع کئے جائیں گے۔ منگل کو قومی اسمبلی میں ضلع لیہ میں دریائی کٹاؤ اور اس سے سیلاب کے خطرہ سے متعلق اویس حیدر جھکڑ اور دیگر کے توجہ مبذول نوٹس پر وفاقی وزیر آبی وسائل معین

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن عدم اعتماد لائے گی تو اسے سہولت فراہم کریں گے

اسپیکر قومی اسمبلی

اپوزیشن نے پارلیمنٹ میں قانون سازی سے متعلق اتحاد کیا ہے جو اچھی چیز ہے، زیتون کا پودا لگانے کے بعد گفتگو

اسپیکر کی ذمے داری نہیں کہ ایوان کا کورم مکمل کرے، کورم مکمل کرنا حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمے داری ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ وزیراعظم یا اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لانا اپوزیشن کا حق ہے، اگر اپوزیشن عدم اعتماد کی تحریک لائے گی تو اسے سہولت فراہم کریں گے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں زیتون کا پودا لگانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسپیکر کی ذمے داری نہیں کہ ایوان کا کورم مکمل کرے، کورم مکمل کرنا حکومت اور

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کو میرٹ کی بنیاد پر تقرر نامے جاری

سرکاری ملازمتوں میں فروخت اور سفارش کا خاتمہ کر دیا، میرٹ کی حکمرانی قائم ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نومنتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے محنت، لگن،

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، نواب اکبر خان بگٹی کی 20 ویں برسی آج بلوچستان بھر میں عقیدت واحترام سے منائی جا رہی ہے

رہائش گاہ پر فاتحہ خوانی اور لنگر کا اہتمام، کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) سابق گورنر و وزیراعلیٰ بلوچستان اور ممتاز بلوچ قبائلی رہنما نواب اکبر خان بگٹی کی 20ویں برسی آج 26 اگست کو نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائے گی۔ نواب اکبر خان بگٹی 26 اگست 2006 کو انتقال کر گئے تھے اور

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوچکا، پیٹرولیم لیوی ختم کی جائے

حافظ نعیم الرحمن

جماعت اسلامی کے ملک گیر دھرنے دسویں روز میں داخل ہوچکے ہیں اور چاروں صوبوں میں عوام کی شرکت مسلسل بڑھ رہی ہے، یہ منظم اور پُرامن احتجاج عوامی حقوق کی جدوجہد ہے جو مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گی

مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو شٹر ڈاؤن، سڑکوں کی بندش، اسلام آباد مارچ کے آپشن موجود ہیں دھرنے دسویں روز میں داخل، احتجاج جاری رہے گا، امیر جماعت اسلامی پاکستان کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی، پیٹرولیم لیوی، ناجائز ٹیکسوں اور آئی پی پیز کے بوجھ تلے دبے عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، حکومت نے فوری طور پر عوام کو ریلیف نہ دیا تو جماعت اسلامی احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے ملک گیر ہڑتال، سڑکوں کی بندش اور اسلام آباد مارچ سمیت ہر آپشن استعمال کرے گی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس لاہور کے باہر جاری دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی کے ملک گیر دھرنے دسویں روز میں داخل ہو چکے ہیں اور چاروں صوبوں میں عوام کی شرکت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، ڈپٹی سیکرٹری رسل خان بابر، امیر لاہور ضیا الدین

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ارب ڈالر کی سویپ لائن معاملے پر امریکا کی جانب سے تعمیری پیش رفت ملی ہے، چند ماہ میں جواب موصول ہوگا، وزیر خزانہ

رواں مالی سال میں یوروبانڈز سے 1 تا 2 ارب ڈالر حاصل کرنے کا ہدف ہے، سینیٹر اورنگزیب کا انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ 10 ارب ڈالر کی سویپ لائن کے معاملے پر پاکستان کو امریکا کی جانب سے تعمیری پیش رفت ملی ہے، امید ہے اگلے چند ماہ میں جواب موصول ہو جائے گا،

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی اجلاس، اراکین کا لوڈشیڈنگ کے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے جامع اقدامات کا مطالبہ

اسلام آباد (یو این اے) قومی اسمبلی کے اراکین نے ملک کے مختلف حصوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے جامع اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی سعد وسیم نے کہا کہ ان کے حلقہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ زیادہ ہے جس سے عوام تکلیف میں ہے، واپڈا کی پالیسیوں سے لوگوں کے مسائل [illegible]

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بانی پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کرنے کا پلان آخری لمحے میں تبدیل کیا گیا، بیرسٹر گوہر کا بڑا انکشاف

ہماری کوششوں پر پانی ڈال دیا گیا، اگر بانی پی ٹی آئی کا شفا انٹرنیشنل اسپتال میں علاج ہو جاتا تو بہت اچھا ہوتا

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے [illegible] پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی اطلاع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کرنے کا منصوبہ آخری لمحے میں تبدیل کیا گیا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

خنجراب پاس کے ذریعے پاک چین تجارت اور برآمدات میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (یو این اے) خنجراب پاس کے ذریعے پاک چین تجارتی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کو جولائی میں 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کی غیر ملکی اقتصادی معاونت موصول

موصول ہونے والی مجموعی غیر ملکی اقتصادی معاونت میں قرضوں کا حصہ نمایاں رہا، دستاویزات

کراچی (این این آئی) پاکستان کو جولائی 2026 کے دوران غیر ملکی اقتصادی معاونت کی مد میں مجموعی طور پر 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔ سرکاری دستاویز کے مطابق اس رقم میں قرضوں کے ساتھ گرانٹس بھی شامل تھیں، تاہم مجموعی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت کو خطرہ نہیں، مدت پوری کرے گی، طارق فضل

پتا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا انٹرنیشنل کے بجائے پمز منتقل کریں گے تو میڈیا پر بہت شور ہوگا، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے، حکومت اچھے طریقے سے اپنے فرائض انجام دے رہی ہے اور اپنی مدت پوری کرے گی۔ ایک انٹرویو میں ڈاکٹر طارق فضل

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں راضی نامہ بھی ملزم کو ضمانت کا حق نہیں دیتا، عدالت

قانون یا مذہب کسی شخص کو "غیرت" کے نام پر جان لینے کی اجازت نہیں دیتا، ایسے فعل کو قتل تصور کیا جاتا ہے، جسٹس فرہاد علی شاہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سید فرہاد علی شاہ کا غیرت کے نام پر قتل کے مقدمہ کا اہم فیصلہ، جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے غیرت کے نام پر 18 سالہ لڑکی کو قتل کرنے کے مقدمے میں راضی نامہ مسترد کرتے ہوئے 2 ملزمان کی ضمانت کی درخواستیں خارج کردیں۔ جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے قرار دیا کہ غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ نیشنل لابی انگ ڈیلیگیشن کے وفد سے ملاقات کررہے ہیں

وزارت مذہبی امور کے زیر انتظام بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس (آج) منعقد ہوگی

اسلام آباد (یو این اے) وزارت مذہبی امور کے زیر انتظام بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس آج (بدھ 12 ربیع الاول کو) منعقد ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں ممتاز علما، مشائخ، دانشور، محققین اور دیگر شخصیات شرکت کریں گی۔ رواں سال مقابلہ مقالات سیرت کا موضوع نسل نو کا تحفظ، تعمیر اور کردار سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران، عالمی میڈیا پر بھرپور کوریج

فیلڈ مارشل کا دورہ ایران ایسے وقت میں ہوا، جب واشنگٹن اور تہران مذاکرات تعطل کا شکار، خطے میں کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے، رائٹرز

راولپنڈی (آن لائن) ایران اور امریکا کے درمیان جاری شدید کشیدگی اور جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششیں عالمی توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران کو عالمی میڈیا نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کم کرنے، تعطل کا شکار مذاکرات کو دوبارہ بحال کرنے اور پائیدار امن کی راہ ہموار کرنے کی اہم کوشش قرار دیا ہے۔

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مودی حکومت اپنے وعدوں سے مکر گئی، کاکروچ جنتا پارٹی نے دوبارہ بڑے مارچ کا اعلان کر دیا

احتجاج پرامن ہوگا تاہم حکومت کی جانب سے وعدے پورے نہ کیے گئے تو احتجاجی تحریک دوبارہ شدت اختیار کر سکتی ہے

نئی دہلی (این این آئی) میں پیپر لیک تنازع ایک بار پھر شدت اختیار کرنے لگا کاکروچ جنتا پارٹی نے 5 ستمبر کو انڈیا گیٹ سے دہلی پولیس ہیڈکوارٹر تک پرامن مارچ کا اعلان کر دیا۔ تنظیم کے مطابق جنتر منتر پر احتجاج ختم ہوئے ابھی چار ہفتے ہی گزرے ہیں لیکن 25 جولائی کو حکومت کی جانب سے دی گئی یقین دہانیوں پر عمل نہ ہونے کے باعث دوبارہ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بار بار فوجی جائزوں نے مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے مستقبل کے عزائم پر سوالات اٹھادیے ہیں، تجزیہ کار

سکیورٹی کے نام پر جاری فوجی کارروائیاں اور بڑھتے ہوئے اقدامات مقامی آبادی میں خوف اور غیر یقینی کا ماحول پیدا کر رہے ہیں

جموں (این این آئی) بھارتی فوج کی طرف سے غیر قانونی طور پر زیر قبضہ جموں وکشمیر میں سینئر کمانڈروں کے ذریعہ آپریشنل تیاریوں کے غیر معمولی طور پر بار بار جائزوں نے مقبوضہ علاقے میں نئی دہلی کے مستقبل کے عزائم کے بارے میں سوالات اٹھادیے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج کے وائٹ نائٹ کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل پی کے مشرا

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں ڈیجیٹل مالیاتی انفرا اسٹرکچر کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلال بن ثاقب

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت اور پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) کے چیئرمین بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان میں ڈیجیٹل مالیاتی انفرا اسٹرکچر کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں موثر ریگولیٹری نظام سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے یہ بات تاشقند میں سلک روڈ فنانس اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کے ساتھ اسٹریٹجک اقتصادی شراکت داری چاہتے ہیں

شہباز شریف

شہزادہ منصور نے زراعت، بندرگاہوں، شاہراہوں اور ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا

سعودی وفد دورہ پاکستان میں متعدد اعلیٰ حکومتی نمائندوں اور نجی شعبے کے اہم اسٹیک ہولڈرز سے بھی ملاقاتیں کرے گا

اسلام آباد (م ڈ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اقتصادی تعلقات کو اسٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں بدلنے کا خواہاں ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی پاک مشترکہ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور نے ملاقات کی۔ اسلام آباد سے جاری اعلامیہ کے مطابق اعلیٰ سطح کا سعودی کاروباری وفد بھی چیئرمین سعودی پاک مشترکہ بزنس کونسل کے ہمراہ تھا، وزیراعظم نے اس موقع پر سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے لیے احترام اور نیک خواہشات کا اظہار

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، بیلاروس کے درمیان سائنسی وتکنیکی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی وتحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائیگا، وفاقی وزیر خالد مگسی کی سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی وتحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر اور حلال سرٹیفکیشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کیا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر علی پرویز ملک اسٹریٹجک پٹرولیم ریزرو کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک بھر میں آج 12 ربیع الاول کا جشن عقیدت واحترام سے منایا جارہا ہے

کوئٹہ، بلوچستان بھر میں آج 12 ربیع الاول کا جشن عقیدت واحترام سے منایا جائے گا، سیکیورٹی پلان نافذ

کوئٹہ سمیت متعدد اضلاع میں موبائل وانٹرنیٹ سروس بند رہے گی، سریاب روڈ سے مرکزی جلوس کا میزان چوک پر اختتام ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) 12 ربیع الاول المبارک، جشن عید میلاد النبی ﷺ کا بابرکت اور مقدس دن آج بروز بدھ 26 اگست کو پاکستان بالخصوص کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نہایت عقیدت و احترام، مذہبی جوش وجذبے اور بھرپور انداز میں منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں کوئٹہ شہر میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے، شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس،

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کی ممکنہ معطلی، شہریوں کو سفر سے گریز کی ہدایت

سکیورٹی خدشات کے پیش نظر 25 اور 26 اگست کو جعفر ایکسپریس بھی معطل، سفر سے قبل تصدیق کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں سکیورٹی کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ٹرانسپورٹ سروسز معطل رہنے کا امکان ہے، جس کے باعث حکام نے شہریوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ مسافروں کو تاحکم ثانی مشورہ دیا گیا

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ضلع لیہ میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے اقدامات جاری ہیں، وفاقی وزیر آبی وسائل کا قومی اسمبلی میں جواب

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر آبی وسائل معین حیدر وٹو نے کہا ہے کہ ضلع لیہ میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے فوری اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، لیہ سے 3 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے جیسے ہی پانی کم ہوگا بحالی اور معاوضہ جات کیلئے اقدامات شروع کئے جائیں گے۔ منگل کو قومی اسمبلی میں ضلع لیہ میں دریائی کٹاؤ اور اس سے سیلاب کے خطرے سے متعلق اویس حیدر جھکڑ اور دیگر کے توجہ مبذول نوٹس

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، بیلاروس کے درمیان سائنسی وتکنیکی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر اور حلال سرٹیفکیشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کیا جارہا ہے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی وتحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر اور حلال

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی بھرتیاں خالصتاً میرٹ پر کی گئی ہیں، شاہد رند

سفارش اور فروخت کی پالیسی ختم، نوجوانوں کا حق صرف قابلیت کی بنیاد پر ملے گا، معاون وزیراعلیٰ

کوئٹہ (یو این اے) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے سرکاری ملازمتوں میں شفافیت، میرٹ اور مساوی مواقع کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے ہیں، بلوچستان ریونیو

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ہر صوبے کو ریلوے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا

حنیف عباسی

ریلوے کی 79 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ وفاق اور صوبوں کے درمیان ریلوے کی ترقی کیلئے عملی شراکت داری سامنے آرہی ہے، خطاب

خیبر پختونخوا میں تقریباً 240 کلومیٹر مضافاتی ریلوے لائنوں کی اپ گریڈیشن اور کوہاٹ سے خرلاچی تک 192 کلومیٹر اسٹریٹجک ریلوے لائن کی تعمیر فریم ورک معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کی 79 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ وفاق اور چاروں صوبوں کے درمیان ریلوے کی ترقی کے لیے اس سطح کی عملی شراکت داری سامنے آرہی ہے، جو ملکی تاریخ میں ایک نئے باب کے طور پر یاد رکھی جائے گی۔ خیبر پختونخوا میں تقریباً 240 کلومیٹر مضافاتی ریلوے لائنوں کی اپ گریڈیشن اور کوہاٹ سے خرلاچی تک 192 کلومیٹر اسٹریٹجک ریلوے لائن کی تعمیر فریم ورک معاہدے کا اہم حصہ ہے۔ فریم ورک معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو اور ویکسی نیشن مہم کے دوران اسکولوں اور مدارس میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کا بیلا، اوتھل اور لاکھڑا کا دورہ

مختلف مقامات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی، سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار

بیلا (یو این اے) پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر کا دورہ بیلا اوتھل لاکھڑا میں مختلف جگہوں پر تعزیتیں کیں تفصیلی کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلا کے نو منتخب ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے گزشتہ روز مونڈرہ گوٹھ بیلا میں پی پی پی تحصیل بیلا کے سابق سینیئر نائب صدر کامریڈ عبدالمجید رونجھو کے والد کی وفات لیاری ناکئی میں ٹریفک حادثے میں شہید ہونے والے وڈیرہ عبدالرحیم انگاریہ کے فرزند اور پوتے کی رحلت لیاری دیہہ میں قادر بخش انگاریہ کے بیٹے کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی معروف سیاسی سماجی شخصیت سید صالح شاہ وڈیرہ غلام مصطفیٰ جاموٹ راشد رونجھو و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پی پی لسبیلا کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے سوگوار خاندانوں سے اظہار ہمدردی و اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگواروں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

وندر، شکر گوٹھ میں عظیم الشان جشن عید میلاد النبی ﷺ جلسے کا انعقاد

وندر (یو این اے) جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت تحصیل سونمیانی وندر ضلع حب کی جملہ برانچز کے مشترکہ تعاون سے شکر گوٹھ وندر میں عظیم الشان جلسہ بسلسلہ جشن عید میلاد النبی ﷺ منعقد کیا گیا۔ جس کی میزبانی ڈاکٹر یاسر نے کی جبکہ صدارت خلیفہ سائیں نذیر محمد طاہری نے کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جس کے بعد کراچی سے تشریف لائے خصوصی مہمان نعت خواں عبدالحمید طاہری اور محمد نعیم طاہری نے بارگاہ رسالت ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت انداز میں نعت خوانی کی۔ جلسہ سے خطاب حضرت علامہ مولانا مفتی سکندر علی انگاریہ طاہری نے کیا۔ جبکہ خصوصی خطاب شیریں زبان فاضل نوجوان حضرت علامہ مولانا حافظ مفتی غلام حسین طاہری نقشبندی نے کیا۔ انہوں نے میلاد النبی ﷺ کے موضوع پر ایمان افروز اور مدلل خطاب کرتے ہوئے حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اور آپ ﷺ سے محبت و عقیدت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

کوئٹہ، بلوچستان نیشنل پارٹی کا اہم مشترکہ اجلاس 27 اگست کو طلب

مرکزی قیادت، بی ایس او اراکین اور کوئٹہ کے تمام یونٹ سیکرٹریز کو وقت پر شرکت کی ہدایت کردی گئی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈوکیٹ نے کوئٹہ میں موجود پارٹی کے مرکزی کابینہ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین، بی ایس او کے مرکزی اور زونل اراکین، ضلع کوئٹہ کے آرگنائزنگ کمیٹی کے تمام ذمہ داران، ضلع کوئٹہ کے تمام یونٹ سیکرٹریز، ڈپٹی یونٹ سیکرٹریز، ضلعی کونسلراں اور سینئر اراکین کا مشترکہ اجلاس 27 اگست 2026 شام 04:00 بجے، بروز جمعرات، بمقام النوید ہاؤسنگ اسکیم، مغربی بائی پاس کوئٹہ میں طلب کیا ہے کوئٹہ میں موجودہ عہدیداروں و اراکین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ وقت مقررہ پر اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

اوتھل، ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ کی ہدایت پر سوشل ویلفیئر آفس میں شجرکاری مہم کا آغاز

درخت ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے ضروری ہیں، شہری پودے لگا کر حفاظت یقینی بنائیں، عبدالصمد رونجھو

اوتھل (یو این اے) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ کی خصوصی ہدایت پر ضلع لسبیلہ میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں سوشل ویلفیئر آفس اوتھل کے احاطے میں پودے لگا کر باقاعدہ شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ اس موقع پر سوشل ویلفیئر آفیسر اوتھل عبدالصمد رونجھو اور عقیل احمد قمر نے پودے لگائے۔ شجرکاری کے موقع پر حوالدار عبدالغنی خاصخیلی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سوشل ویلفیئر آفیسر اوتھل عبدالصمد رونجھو نے کہا کہ درخت ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے، ماحول کو سرسبز و شاداب بنانے اور آنے والی نسلوں کے لیے صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور لگائے گئے پودوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔

بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانا چاہیے عبدالرحمن کھیتران

مزدور طبقہ اپنی محنت اور پسینے سے معاشرے کی بنیاد مضبوط کرتا ہے۔ وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل اور خاندان کی کفالت کیلئے سخت حالات میں بھی محنت کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران نے ضلع پشین کے علاقے سراناں میں نہتے مزدوروں کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محنت کشوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام ہے۔ بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانا چاہیے اور واقعے میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ مزدور طبقہ اپنی محنت اور پسینے سے معاشرے کی بنیاد مضبوط کرتا ہے۔ وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل اور خاندان کی کفالت کے لیے سخت حالات میں بھی محنت کرتے ہیں۔ ایسے افراد کو نشانہ بنانا نہ صرف ایک خاندان کو اجاڑنے کے مترادف ہے بلکہ معاشرے کے پرامن اور محنت کش طبقے میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی اور تشدد کے خاتمے کے خواہاں ہیں اور امن دشمن عناصر کو یہ واضح پیغام ملنا چاہیے کہ ریاست اور عوام ان کے عزائم کے سامنے متحد ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کی غیر جانبدارانہ اور مؤثر تحقیقات

41

کوئٹہ، بلوچستان پشتون بیلٹ مائناریٹی ایکشن الائنس کے صدر راج پرکاش، عادل آکاش، دوکی بھٹی، دمیز بھٹی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

قلات، مسلح افراد کا ٹرکوں کے قافلے پر حملہ، 6 گاڑیوں کو نقصان

قلات (یو این اے) قلات کے قریب مسلح افراد نے ٹرکوں کے ایک قافلے پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں 6 ٹرکوں کو شدید نقصان پہنچنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ٹرانسپورٹرز ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کا محاصرہ کرکے صورتحال کا جائزہ لینا شروع کردیا۔ خوش قسمتی سے حملے کے نتیجے میں تاحال کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع سامنے نہیں آئی ہے۔

چمن، ایس پی اعتزاز عارف کی ہدایت پر پولیس کی کارروائی 55 منشیات کے عادی افراد گرفتار

کوئٹہ (یو این اے) ایس پی چمن اعتزاز عارف کی خصوصی ہدایت پر پولیس تھانہ سٹی چمن نے منشیات کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 55 منشیات کے عادی افراد کو گرفتار کرلیا۔ منشیات کے عادی گرفتار افراد کو مزید علاج و بحالی کے لیے ڈرگ سینٹر کے حوالے کردیا گیا۔ ایس پی چمن نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور منشیات کے عادی افراد کی گرفتاری کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور بعد از گرفتاری ڈرگ سینٹر منتقل کیا جائے تاکہ انہیں علاج و بحالی کی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

پنجگور، عالمی یوم ماں کے دودھ کی مناسبت سے بچوں کی غذائیت اور آگاہی سیمینار کا انعقاد

پیدائش کے پہلے چھ ماہ صرف ماں کا دودھ پلانا بچے کی صحت اور نشوونما کیلئے لازمی ہے، ڈاکٹر عابد علی ریکی

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں عالمی یوم ماں کا دودھ کی مناسبت سے بچوں کی غذائیت، اسٹنٹنگ کی روک تھام اور ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا اہتمام یونیسیف کے باہمی تعاون سے کیا گیا، جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ پروگرام میں محکمہ صحت، غذائیت، عالمی و غیر سرکاری اداروں کے نمائندگان، اساتذہ، طبی عملے اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خاص ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی تھے۔ جبکہ منعقدہ سیمینار سے ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نظام الرحمن نے اس دن کے مناسبت سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ سیمینار میں پی ای ایس پی کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مشتاق اثیر، 50 بیڈڈ ہسپتال خدابادان پنجگور سے پی ای ایس پی کی ایف سی کوآرڈینیٹر شیرین افضل، نیوٹریشن آفیسر شہناز قدوس، ٹی ایچ کیو ہسپتال چتکان سے سی ایم ڈبلیو نادیہ نذیر نے۔ مفتی آصف، محترمہ فرزانہ ہاشم، پروفیسر رحیم۔ برکت مری، پی پی ایچ آئی کے شاہ مرید، ڈبلیو ایچ او کے ظہیر احمد اور محمد حنیف سمیت دیگر معزز شخصیات شریک تھے۔ سیمینار سے عیسیٰ کالج کی لیکچرار زوالوجی محترمہ مریم عزیز نے ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے خصوصی آگاہی سیشن دیا، جبکہ گرلز کالج اوئی پی سائنٹیسی سے محترمہ عالیہ اور محترمہ روزینہ شاہ نے بھی بچوں کی غذائیت اور صحت کے حوالے سے شرکا کو آگاہی فراہم کی۔ سیمینار سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نظام الرحمن و دیگر مقررین نے اس دن کے مناسبت کے حوالے سے منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کی صحت مند نشوونما، مضبوط قوت مدافعت اور مستقبل میں مختلف بیماریوں سے تحفظ کے لیے ابتدائی عمر میں مناسب غذائیت انتہائی ضروری ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ مختلف علاقوں کا درجہ حرارت بھی جاری کردیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35، قلات 31، زیارت 25، ژوب 35 اور چمن میں 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے میدانی و گرم علاقوں میں سبی کا درجہ حرارت 39، تربت 41 اور نوکنڈی میں 42 ڈگری سینٹی گریڈ رہا، جبکہ ساحلی علاقوں گوادر اور جیوانی میں بالترتیب 31 اور 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے شدید گرم اور خشک موسم کی صورتحال میں شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔

ڈھاڈر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ہندو تاجر کے گھر ڈکیتی کی واردات میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کرکے موبائل فون اور چوری شدہ رقم برآمد کرلیا

ڈھاڈر، ہندو تاجر کے گھر ڈکیتی میں ملوث 3 ملزمان گرفتار، نقدی اور موبائل برآمد

شہریوں کی جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، پولیس

کوئٹہ (یو این اے) ڈھاڈر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہندو تاجر کے گھر ڈکیتی کی واردات میں مبینہ طور پر ملوث تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک موبائل فون اور 2 لاکھ 20 ہزار روپے نقدی برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق چند روز قبل ڈھاڈر شہر میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک ہندو تاجر کے گھر میں داخل ہوکر اہل خانہ کو اسلحے کے زور پر خوف و ہراس میں مبتلا کیا اور نقدی، موبائل فون سمیت قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے تھے۔ واقعے کے بعد ڈی آئی جی پولیس سبی رینج پرویز احمد عمرانی کی ہدایات پر ڈھاڈر پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر حکمت عملی کو بروئے کار لاتے ہوئے واردات میں ملوث ملزمان کا سراغ لگایا اور تین مشتبہ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، پولیس نے کہا ہے کہ ڈھاڈر شہر اور دیگر علاقوں میں امن و امان برقرار رکھنے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بلوچستان، افغان مہاجرین کی باوقار واپسی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، نیشنل پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی اور بی ایس او کے ترجمان نے صوبائی پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ 1979 کے بعد آنے والے تمام افغان مہاجرین کو بلا تفریق نسل و زبان ان کے وطن واپس بھیجا جائے اور ان کی جعلی شہریت و شناختی کارڈ منسوخ کیے جائیں، تاہم 1979 سے قبل آباد تمام اقوام کو بلوچستان کے برابر کا شہری تسلیم کیا جاتا ہے۔ اعلامیے میں تاکید کی گئی کہ پارٹی کے اس اصولی موقف پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ پریس ریلیز کے مطابق حالیہ دنوں میں پارٹی حدود میں رہتے ہوئے صوبائی صدر کے کیے جانے والے میڈیا ٹرائل کا سخت نوٹس لیا گیا ہے اور ملوث افراد کو شوکاز نوٹسز جاری کر دیے گئے ہیں۔ تین دن کے اندر تسلی بخش جواب نہ ملنے پر صوبائی صدر قانونی اختیارات کے تحت کارروائی کریں گے، جبکہ مرکزی کمیٹی کے اراکین کے خلاف سخت کارروائی کے لیے مرکزی قیادت سے باقاعدہ سفارش کی جائے گی۔

کوئٹہ، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کا اجلاس، 28 اگست کو یوم شہدائے صحافت منایا جائیگا

شہدائے صحافت کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، کوئٹہ پریس کلب میں یادگاری سیمینار کا انعقاد ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس صدر بی یو جے منظور احمد رند کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بی یو جے کے سینئر نائب صدر فرید اللہ خان، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، سیکرٹری فنانس عصمت امان سمالانی، ممبران ایگزیکٹو کونسل سلیم شاہد، شہزادہ ذوالفقار، رضا الرحمان، غلام مرتضیٰ زہری، عامر محمد خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں یوم شہدا صحافت کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اور شہدا صحافت کا دن بھرپور انداز میں منانے کے لئے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ 28 اگست بروز جمعہ بعد نماز جمعہ کوئٹہ پریس کلب میں بلوچستان کے شہید صحافیوں کی یاد میں سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا جس میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے ساتھ وکلا تنظیموں، انسانی حقوق کی تنظیموں کے رہنما، شہید صحافیوں کے اہل خانہ شرکت کریں گے۔ اس موقع پر اجلاس کے شرکا نے تمام انتظامات مکمل کرنے کی منظوری دی اور کہا کہ بلوچستان کے صحافی آج بھی مشکل ترین حالات میں فیلڈ میں کام کر رہے ہیں جہاں ہر طرف سے انہیں خطرات لاحق ہیں۔ شہید صحافیوں نے فرائض کی انجام دہی میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔

کوئٹہ، قومی اسمبلی میں بلوچستان کے مسائل پر جمال شاہ کاکڑ کی آواز، بوائنہ چیک پوسٹ واقعے پر شدید تشویش

بین الصوبائی راستے کھولے جائیں، فضائی کرائے کم اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے قومی اسمبلی میں بلوچستان کے مسائل پر اظہار خیال کرتے ہوئے بوائنہ چیک پوسٹ پر ایک ڈرائیور کی جانب سے مبینہ طور پر خود کو آگ لگانے کے واقعے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ گزشتہ روز بوائنہ چیک پوسٹ پر ایک ڈرائیور مبینہ طور پر مسلسل مشکلات اور ہراسانی سے تنگ آ کر خود کو آگ لگا بیٹھا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر کب تک بلوچستان کے ڈرائیوروں اور ٹرانسپورٹرز کے ساتھ ایسا رویہ روا رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز پہلے ہی شدید مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ بین الصوبائی راستوں کی بندش نے ان کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ڈرائیور دن رات محنت کر کے اپنے خاندانوں کا روزگار چلاتے ہیں، انہیں غیر ضروری مشکلات اور ہراسانی سے بچانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ رکن قومی اسمبلی نے کہا کہ کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد، سیٹلائٹ ٹاؤن و دیگر میں آٹھ، آٹھ گھنٹے لوڈشیڈنگ جاری ہے۔

بھاگ، ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے غریب اور متوسط طبقہ شدید پریشان

مہنگی ادویات نے علاج معالجہ مشکل بنا دیا، حکومت جان بچانے والی ادویات سستی کرے، شہریوں کا مطالبہ

بھاگ (یو این اے) ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ علاج معالجہ پہلے ہی مہنگا ہونے کے بعد بیماری کی صورت میں ادویات کی خریداری عام آدمی کے لیے اضافی مالی بوجھ بن گئی ہے بھاگ شہر اور گرد و نواح کے شہریوں نے ادویات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے شہریوں کا کہنا ہے ایک طرف مہنگائی نے گھریلو بجٹ کو شدید متاثر کر رکھا ہے تو دوسری جانب مختلف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافے نے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے عوامی حلقوں کے مطابق خصوصاً ایسے مریض جو مستقل ادویات پر ادویات استعمال کرتے ہیں ان کے ماہانہ اخراجات میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے محدود آمدنی رکھنے والے افراد کے لیے گھر کے بنیادی اخراجات پورے کرنا بہت ہی مشکل ہو چکا ہے جبکہ ڈاکٹر کی فیس ٹیسٹوں کے اخراجات اور مہنگی ادویات کی خریداری نے علاج معالجہ مزید مشکل بنا دیا ہے شہریوں نے متعلق حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا فوری نوٹس لیا جائے۔

چھتر 12 ربیع الاول کا دن تمام مسلمانوں کیلئے انتہائی بابرکت اور مقدس ہے، سید حیدر علی شاہ

سیرت طیبہ کو عملی زندگی کا حصہ بنا کر ہی معاشرے میں امن، عدل اور اتحاد ممکن ہے، اسسٹنٹ انجینئر لوکل گورنمنٹ

چھتر (یو این اے) اسسٹنٹ انجینئر لوکل گورنمنٹ سید حیدر علی شاہ نے کہا ہے کہ 12 ربیع الاول مسلمانوں کے لیے انتہائی بابرکت اور مقدس دن ہے، کیونکہ اس روز نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ حضور اکرم ﷺ پوری انسانیت کے لیے رحمت بن کر تشریف لائے اور آپ ﷺ نے دنیا کو امن، محبت، عدل، مساوات، رواداری اور بھائی چارے کا درس دیا اپنے ایک بیان میں سید حیدر علی شاہ نے کہا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ منانے کا اصل مقصد محبت رسول ﷺ کا اظہار کرنے کے ساتھ ساتھ سیرت طیبہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اپنے کردار میں سچائی، دیانت، صبر، برداشت اور حسن اخلاق کو فروغ دیں انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں معاشرے کو اتحاد، اتفاق اور بھائی چارے کی اشد ضرورت ہے۔ اگر ہم اسوہ حسنہ ﷺ کو اپنی زندگیوں میں اپنائیں تو معاشرے سے نفرت، انتشار اور ناانصافی کا خاتمہ کرکے امن و محبت کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول میں مستحق طلبہ کے لیے یونیفارم تقسیم کی تقریب

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں طلبہ کی حوصلہ افزائی اور مستحق طلبہ کی معاونت کے لیے یونیفارم تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سوار شاہ کاظمی، وائس چیئرمین محمد وسیم خان خٹک، چیئرمین پی ایس ایم سی، وائس ڈی سی نیوز کی رپورٹر میڈم زکیہ جتوئی اور ممبر پی ٹی ایس ایم سی عبدالغنی سہمرو نے شرکت کی۔ معزز مہمانوں نے طلبہ میں یونیفارم تقسیم کیے اور اسکول کے مختلف شعبوں کا دورہ کرکے تعلیمی و ہم نصابی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مہمانوں نے کہا کہ طلبہ ملک کا مستقبل ہیں، انہیں بہتر تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

سیرت طیبہ ہی تمام مسائل کا حل اور کامیابی کی ضمانت ہے، نعیم خان عمرانی

ربیع الاول کا مہینہ ہمیں اتحاد امت، محبت رسول ﷺ اور اتباع سنت کا درس دیتا ہے، ضلعی جنرل سیکرٹری جے یو آئی

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے مرکزی سپریم کونسل کے رکن و ضلعی جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ ماہ ربیع الاول نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت کی نسبت سے امت مسلمہ کے لیے انتہائی بابرکت اور عظیم مہینہ ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ اور بہترین نمونہ ہے، ہمیں چاہیے کہ ہم آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور آپ ﷺ کی تعلیمات پر صدق دل سے عمل پیرا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی دنیا میں تشریف آوری سے جہالت، ظلم، شرک اور کفر کے اندھیرے چھٹ گئے اور توحید و رسالت کا نور پوری دنیا میں پھیل گیا۔ آپ ﷺ نے انسانیت کو اخوت، مساوات، عدل، برداشت، محبت، رحم دلی اور حسن اخلاق کا درس دیا۔ آپ ﷺ نے دشمنوں کے ساتھ بھی عفو و درگزر، کمزوروں کے ساتھ شفقت، پڑوسیوں کے حقوق، یتیموں اور مسکینوں کی کفالت اور معاشرے میں انصاف و مساوات قائم کرنے کی عملی مثالیں قائم فرمائیں۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ سیرت طیبہ صرف چند واقعات کا نام نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے اپنی پوری زندگی اللہ تعالیٰ کی اطاعت، حق و صداقت، امانت و دیانت، صبر و تحمل اور انسانیت کی خدمت میں گزاری۔ اگر مسلمان حقیقی معنوں میں کامیابی اور نجات چاہتے ہیں تو انہیں قرآن کریم کی تعلیمات کے ساتھ ساتھ نبی کریم ﷺ کی سنت اور اسوہ حسنہ کو اپنی زندگیوں میں نافذ کرنا ہوگا۔

کوئٹہ، اپکا آئی پی ایچ یونٹ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر ڈائریکٹر آئی پی ایچ ڈاکٹر اختر بلیدی، اپکا بلوچستان کے سابق صدر داد محمد بلوچ، موجودہ صدر سکندر ریکی، رحمت اللہ زہری، جمال اللہ ظہری، حافظ خلیل قلندرانی، سید باسط شاہ و دیگر کا گروپ فوٹو

عید میلاد النبی ﷺ رحمت محبت اور بھائی چارے کا پیغام ہے عبیداللہ گورگیج

نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر معاشرے میں امن و رواداری کو فروغ دیا جاسکتا ہے، عید میلاد النبی ﷺ ہمیں انسانیت کی خدمت اور اتحاد و اتفاق کا درس دیتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 اور پیپلز پارٹی کے رہنما سردار عبیداللہ گورگیج نے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں عالم اسلام بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور رحمت ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے امن، محبت، برداشت، بھائی چارے، عدل و انصاف اور انسانیت کی خدمت کا عملی نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتی ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں اور معاشرے میں محبت، اخوت اور رواداری کو فروغ دیں۔ نبی کریم ﷺ نے انسانوں کے درمیان رنگ، نسل، زبان اور طبقے کی تفریق ختم کرکے مساوات اور بھائی چارے کا درس دیا۔ سردار عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ آج امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ اتحاد و اتفاق اور سیرت نبوی ﷺ پر عمل کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ ہمیں ضرورت مندوں، غریبوں اور محروم

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، تاجر برادری ٹیکس کی ادائیگی سے گریزاں نہیں، نظام منصفانہ اور قابل عمل بنایا جائے، کاشف حیدری

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ تاجر برادری ٹیکس ادا کرنے سے گریزاں نہیں، تاہم ضروری ہے کہ ٹیکس کا نظام تاجروں کی حقیقی آمدن، کاروباری حالات اور زمینی حقائق کے مطابق ہو۔ ہر تاجر اپنی آمدن کے مطابق ٹیکس ریٹرن جمع کرائے اور قانون کے تحت جتنا ٹیکس بنتا ہے، وہ ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس نظام کے تحت باقاعدگی سے گوشوارے جمع کرانے والے تاجر اسی طریقہ کار کے مطابق اپنی ریٹرن فائل کر سکتے ہیں، جبکہ نئی ٹیکس اسکیم کے دائرے میں آنے والے تاجر اس کی شرائط اور اپنے کاروباری حالات کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کریں کہ ان کے لیے کون سا طریقہ زیادہ مناسب ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ نئی اسکیم میں ٹرن اوور کی بنیاد پر ایک فیصد ٹیکس اور کم از کم 25 ہزار روپے ٹیکس کی شرط رکھی گئی ہے، اس لیے تاجروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی کاروباری صورتحال کا درست اندازہ لگاتے ہوئے ٹیکس کے حوالے سے فیصلہ کریں۔ ہماری نظر میں اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ تاجر اپنی حقیقی آمدن ظاہر کرے، ٹیکس ریٹرن جمع کرائے اور اپنی ذمہ داری کے مطابق ٹیکس ادا کرے۔

کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سرکاری ہسپتالوں میں کنٹریکٹ بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اور مالی لین دین کے الزامات پر عوام کی جانب سے تشویش کا اظہار

محکمہ صحت بھرتیوں کا عمل شفاف بنائے اور 6 سے 25 لاکھ روپے طلب کیے جانے کی تحقیقات کرے، عوامی حلقے

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں کنٹریکٹ ملازمتوں کے لیے ٹیسٹ اور انٹرویوز کا سلسلہ جاری ہے، تاہم بھرتیوں کے عمل کے حوالے سے مبینہ طور پر نوکریوں کی خرید و فروخت سے متعلق مختلف دعوے سامنے آنے پر امیدواروں اور شہری حلقوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق بعض امیدواروں کی جانب سے مبینہ طور پر دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ مختلف کنٹریکٹ آسامیوں کے لیے 6 لاکھ سے 25 لاکھ روپے تک کی رقم طلب کی جا رہی ہے، جبکہ بعض امیدواروں کو ایک بااثر شخصیت کے بھائی سے مبینہ ملاقات کے لیے سرینا ہوٹل کے کمرہ نمبر 112 میں جانے کا کہا گیا۔ تاہم ان دعوؤں کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہوسکی اور نہ ہی متعلقہ محکمہ صحت یا دیگر حکام کی جانب سے اس حوالے سے کوئی باضابطہ موقف سامنے آیا ہے۔ متاثرہ امیدواروں اور شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ صحت بلوچستان کنٹریکٹ بھرتیوں کے طریقہ کار، میرٹ لسٹوں، ٹیسٹ اور انٹرویوز کے عمل کو شفاف بنائے اور نوکریوں کے عوض رقم طلب کیے جانے کے الزامات کی فوری تحقیقات کرائی جائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر بھرتیوں میں مالی لین دین ثابت ہوتا ہے تو ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، جبکہ جن امیدواروں سے مبینہ طور پر رقم طلب کی گئی ہے وہ دستیاب شواہد کے ساتھ متعلقہ حکام اور اینٹی کرپشن اداروں سے رجوع کریں۔

پاکستان کی پنک سالٹ کی برآمدات 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں

حکومت مصنوعات کی جغرافیائی شناخت، بین الاقوامی پہچان اور ویلیو ایڈیشن کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی پنک سالٹ کی برآمدات مالی سال 2026 میں بڑھ کر 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں جبکہ برآمدی حجم ایک لاکھ 48 ہزار ٹن سے تجاوز کر گیا۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق حکومت مصنوعات کی جغرافیائی شناخت، بین الاقوامی پہچان اور ویلیو ایڈیشن کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، گلابی نمک کی برآمدات مالی سال 2025 میں 3 کروڑ 50 لاکھ ڈالر سے بڑھ کر مالی سال 2026 میں 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ہو گئیں جبکہ برآمدی مقدار 127,924 ٹن سے بڑھ کر 148,071 ٹن تک پہنچ گئی۔ دستاویزات میں شامل پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں چٹانی نمک کے تخمینہ ذخائر 6 کروڑ 50 لاکھ میٹرک ٹن سے زائد ہیں۔ پی ایم ڈی سی کے زیر انتظام ذخائر 3 کروڑ 60 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ ہیں، جن میں سالٹ رینج کے علاقے کا گلابی چٹانی نمک اور کوہاٹ سالین سیریز کا سرمئی نمک شامل ہے۔ ملک میں نمک کے

43

گنداخہ 12 ربیع الاول کے سلسلے میں میونسپل کمیٹی نے صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات تیز کردیے

جلوس کے روٹس کی صفائی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، شہری عملے سے تعاون کریں، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی خصوصی ہدایات پر بارہ ربیع الاول کے سلسلے میں میونسپل کمیٹی گنداخہ کے عملے نے صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات مکمل کرنے کے لیے عملی اقدامات تیز کر دیے ہیں، میونسپل کمیٹی کے سینیٹری اسٹاف اور دیگر عملہ شہر میں بارہ ربیع الاول کے جلوس کے مقررہ روٹس، اہم شاہراہوں اور گزرگاہوں کی صفائی میں مصروف ہے، جبکہ جلوس کے راستوں سے کچرے، مٹی اور دیگر آلائشوں کو مشینری کے ذریعے ہٹایا جا رہا ہے تاکہ جلوس کے شرکا کو صاف ستھرا اور سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے، چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے اور گنداخہ شہر کو صاف، شفاف اور خوبصورت رکھنا میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بارہ ربیع الاول مسلمانوں کے لیے انتہائی عقیدت و احترام کا دن ہے، اس مقدس موقع پر جلوس کے روٹس کی صفائی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت شہر کی صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ بارہ ربیع الاول کے جلوس کے دوران بھی صفائی کے عملے کو متحرک رکھا جائے گا۔

کوئٹہ، صوبے میں بدامنی اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات حکومتی ناکامی کا ثبوت ہیں، جے یو آئی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام صوبائی نائب امیر و ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیقی، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کوارڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ شہر کے گلی کوچوں میں قاتل اور راہزن دندناتے پھر رہے ہیں شہریوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔ کوئٹہ میں بے گناہ شہریوں اور سراناں میں نہتے مزدوروں سمیت دیگر اضلاع میں آئے روز بے گناہ عوام کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات حکومت اور انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔

گنداخہ 12 ربیع الاول کا دن تمام انسانیت کیلئے رحمت اور ہدایت کا پیغام ہے، مرتضیٰ خان جمالی

تعلیمات نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہو کر ہی معاشرتی انتشار، نفرت اور اختلافات کا خاتمہ ممکن ہے، چیئرمین مارکیٹ کمیٹی

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستا محمد میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا ہے کہ 12 ربیع الاول پوری امت مسلمہ کے لیے عظیم بابرکت اور تاریخی دن ہے کیونکہ اسی مبارک دن نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی آپ ﷺ کی آمد پوری انسانیت کے لیے رحمت، ہدایت، امن اور فلاح کا پیغام ہے۔ میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ قیامت تک پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ ﷺ نے محبت، اخوت، مساوات، رواداری، عدل و انصاف، صبر و برداشت اور امن کا درس دیا اور کمزور و محروم طبقات کے حقوق کے تحفظ کی تعلیم دی۔ آج امت مسلمہ کو درپیش مسائل انتشار اور مشکلات کا حقیقی حل بھی تعلیمات نبوی ﷺ پر خلوص دل سے عمل کرنے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ منانے کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ ہم محض جشن اور تقریبات تک محدود نہ رہیں بلکہ اپنی عملی زندگیوں کو اسوہ حسنہ ﷺ کے مطابق ڈھالنے کا عہد کریں۔ ہمیں نفرت تعصب فرقہ واریت اور باہمی اختلافات کا خاتمہ کرکے محبت بھائی چارے، رواداری اور اتحاد و اتفاق کو فروغ دینا ہوگا تاکہ معاشرے میں امن و استحکام کی فضا مضبوط ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے رنگ نسل زبان اور قبیلے کے امتیاز سے بالاتر ہو کر انسانوں کے حقوق کے احترام مساوات اور خدمت انسانیت کا درس دیا۔

چاغی، تسے سالار سے گولی لگی لاش برآمد، پولیس کی تحقیقات جاری

چاغی (یو این اے) چاغی کے علاقے تسے سالار سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے جسے نامعلوم افراد نے گولی مار کر قتل کردیا تھا۔ پولیس نے لاش تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کردی، جہاں مقتول کی شناخت صدام ولد قادر بخش سکنہ تسے سالار کے نام سے ہوئی ہے؛ واقعے کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ادھر جھٹر بازار کے قریب این 40 شاہراہ پر تفتان سے کوئٹہ جانے والے 4 مزدا ٹرکوں پر مسلح افراد کی فائرنگ کی اطلاع سامنے آئی ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں ٹرکوں کے ٹائر پھٹ گئے جبکہ کم از کم ایک ٹرک کو آگ لگا دی گئی، تاہم واقعے میں تاحال کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

کوئٹہ، عید میلاد النبی کی آمد کے موقع پر لیاقت بازار جلوس کے راستے میں آنے والی دکانوں کو سیل کیا ہوا ہے

کوئٹہ، پاکستان ریلوے ورکرز یونین کا ڈویژنل انجینئر سے رابطہ، 21 ماہ سے بند تنخواہوں کا مسئلہ اٹھا دیا

ریلوے کالونی میں پانی اور صفائی کے مسائل پر بھی گفتگو، ڈی ای این شاہ نواز کی فوری حل کی یقین دہانی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے ایک اہم وفد نے صدر شیر محمد بلوچ اور جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ کی قیادت میں ڈویژنل انجینئر شاہ نواز سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گیٹ کیپروں کی گزشتہ 21 ماہ سے بند تنخواہوں کا سنگین معاملہ تفصیلاً پیش کیا گیا اور بتایا گیا کہ طویل عرصے سے ادا نہ ہونے کے باعث ملازمین کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ ڈی ای این شاہ نواز نے مسئلے کو بغور سنتے ہوئے تنخواہوں کی فوری ادائیگی کے لیے ہر ممکن اقدامات کی مکمل یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر وفد نے ریلوے کالونی میں درپیش پانی کی قلت اور صفائی ستھرائی کے مسائل سے بھی آگاہ کیا۔ یونین رہنماں نے تمام مسائل حل کرنے کے مخلصانہ جذبے اور مثبت سوچ پر ڈی ای این کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں ملازمین کی مشکلات جلد ختم ہوں گی۔

گنداخہ، عقیدہ ختم نبوت ﷺ اور آئین کیخلاف گستاخانہ بیانات پر جماعت اہل سنت اور ٹی ایل پی کا احتجاج

گنداخہ (یو این اے) عقیدہ ختم نبوت ﷺ اور آئین پاکستان کے خلاف متنازعہ و گستاخانہ بیانات کے خلاف گنداخہ میں جماعت اہل سنت اور تحریک لبیک پاکستان کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان اور پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی تحصیل پریس کلب گنداخہ پہنچی جہاں ریلی کی قیادت علامہ حافظ محمد بلال نے کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر فرزانہ باری نے عقیدہ ختم نبوت اور اس سے متعلق آئینی و قانونی شقوں کے بارے میں انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور گستاخانہ الفاظ استعمال کرتے ہوئے اس کو "کالا قانون" قرار دیا، جس سے ملک بھر کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات شدید مجروح ہوئے ہیں۔ شرکا نے ہاتھوں میں کتبے اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر ختم نبوت ﷺ کی پاسداری اور گستاخوں کی مذمت میں نعرے درج تھے۔ علامہ حافظ محمد بلال نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملعون ڈاکٹر فرزانہ باری کے خلاف توہین رسالت اور آئین پاکستان کی خلاف ورزی کے تحت قانونی کارروائی کرتے ہوئے انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے۔

میلاد النبی ﷺ اور نواب اکبر بگٹی کی برسی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ ہائی الرٹ، سیکیورٹی کے سخت انتظامات

بدامنی یا غفلت پر متعلقہ ایس ایچ او اور سی آئی اے انچارج ذمہ دار ہوں گے، ڈی سی اور ایس پی آفس میں کنٹرول روم قائم

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں ایک ہی دن دو اہم ایونٹس یعنی عاشقان رسول ﷺ کی جانب سے ریلیوں اور نواب اکبر خان بگٹی مرحوم کی برسی کے مدنظر ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے مشترکہ سیکیورٹی پلان تیار کرتے ہوئے ضلع بھر میں سیکیورٹی ہائی الرٹ کردی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ کسی بھی تھانے کی حدود میں امن و امان کی صورتحال خراب ہونے پر متعلقہ ایس ایچ او اور سی آئی اے انچارج بلاواسطہ ذمہ دار ہوں گے اور ان کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آمدہ اطلاعات کے مطابق دونوں حساس ایونٹس کی ایک ساتھ آمد کے باعث امن و امان برقرار رکھنے اور شہر کو کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے محفوظ رکھنے کے لیے ایس پی آفس اور ڈپٹی کمشنر آفس میں خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کر دیے گئے ہیں۔

محکمہ تعمیرات و مواصلات کے پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز مکمل ہوگئے

ٹینڈرز کا عمل ڈی سی دفتر میں شفاف اور میرٹ پر منعقد ہوا، منصوبوں کی شروعات سے ترقیاتی کاموں میں تیزی آئے گی

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں محکمہ تعمیرات و مواصلات کے پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز ڈپٹی کمشنر کوہلو کے دفتر میں شفاف طریقے سے منعقد ہوئے۔ اس موقع پر ایکسین محکمہ تعمیرات و مواصلات محبت مری سمیت پی ایس ڈی پی سے متعلق تمام اداروں کے نمائندے موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق ٹینڈرز کے عمل کے دوران متعلقہ حکام اور ٹھیکیداروں کی موجودگی میں مقررہ طریقہ کار کے تحت کارروائی مکمل کی گئی۔ حکام کی جانب سے ٹینڈرز کے عمل کو شفاف اور میرٹ کے مطابق رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز کا عمل مکمل ہونے کے بعد منصوبوں پر عملی کام شروع ہونے کی توقع ہے، جس سے ضلع کوہلو میں تعمیراتی و ترقیاتی سرگرمیوں میں مزید تیزی آنے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بہتری کی امید ہے۔

صحبت پور، پہنور سنہڑی کے گاؤں سے ٹرانسفارمر چوری، پولیس گشت نہ ہونے سے وارداتوں میں اضافہ

شہریوں میں خوف و ہراس، ڈی آئی جی نصیر آباد اور ایس پی صحبت پور فوری نوٹس لیں، اہل علاقہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں پولیس کی مبینہ عدم توجہی اور گشت میں کمی کے باعث جرائم میں شدید اضافہ ہوگیا ہے۔ تحصیل پہنور سنہڑی میں پولیس تھانے کی حدود کے گاؤں حاجی شاہ فیصل گاجانی سے نامعلوم چور 50 کے وی کے ٹرانسفارمر سے کوائل اور دیگر قیمتی سامان نکال کر باآسانی فرار ہو گئے، جس سے علاقے میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شہری شدید پریشان ہیں۔ مقامی افراد کے مطابق پولیس چیک پوسٹ کی بندش اور گشت نہ ہونے کی وجہ سے جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ مل چکی ہے اور مکینوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ شہریوں نے ڈی آئی جی نصیر آباد رینج اور ایس پی صحبت پور سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ علاقے میں امن و امان کی خراب صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور پولیس گشت بحال کر کے چوری کی وارداتوں کا سدباب کریں۔

عمران سے متعلق عدالتی فیصلے پر عمل ہوا اب عدالت جو فیصلہ دیگی عمل کرینگے

رانا ثناء اللہ

ہمارا موقف ہے کہ عدالت کے فیصلے پر عمل ہوا، عدالت فیصلہ کرے گی کہ کمی رہ گئی یا فیصلے پر عمل ہوا، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ عمران خان سے متعلق عدالت کے فیصلے پر عمل ہوا البتہ 16 ستمبر کو عدالت جو فیصلہ کرے گی اس پر عمل کریں گے، حکومت اور سپریم کورٹ سمیت عدالتیں بھی آئین کے تابع ہیں۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے رانا ثنااللہ نے کہا کہ حکومت اور سپریم کورٹ سمیت عدالتیں بھی آئین کے تابع ہیں، سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد پر پی ٹی آئی کے سینیٹر علی ظفر نے موقف اپنایا، علی ظفر کو بھی عدالت نہیں بننا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا ہسپتال لایا گیا مگر وہاں سکیورٹی کے معاملات تھے، امن و امان کی صورت پیدا ہوسکتی تھی، آخری لمحے میں پروگرام تبدیل کرکے ان کو سرکاری ہسپتال لیجایا گیا۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں یہ بھی کہا کہ سکیورٹی سے متعلق انتظامیہ فیصلہ کرے، ہم اور انتظامیہ شواہد پیش کریں گے کہ شفا ہسپتال کے باہر یہ حالات تھے، آپ اس کی تردید کریں، امن و امان کی صورت حال پیدا نہ ہو اس لیے اسے حل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ سے ڈی آئی جی جیل خانہ جات ضیاء اللہ ترین ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL:sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران

ایران اور امریکا کے درمیان جاری شدید کشیدگی اور جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششیں عالمی توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران کو عالمی میڈیا نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کم کرنے، تعطل کا شکار مذاکرات کو دوبارہ بحال کرنے اور پائیدار امن کی راہ ہموار کرنے کی اہم کوشش قرار دیا ہے۔ رائٹرز کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران ایسے وقت میں ہوا ہے جب واشنگٹن اور تہران کے درمیان مذاکرات تعطل کا شکار ہیں اور خطے میں کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایک بار پھر امریکا اور ایران کے درمیان سفارتی رابطے اور جنگ کے خاتمے کے لیے ثالثی کا کردار سنبھالا ہے۔ رائٹرز کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی ان کی گفتگو ہوئی، جس میں پاکستان سے ایران پر اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے تہران کو مذاکرات کی جانب واپس لانے کی درخواست کی گئی۔ بلومبرگ نے بھی پاکستان کے آرمی چیف کے دورہ ایران کو مشرق وسطیٰ میں امن کی کوششوں کے تناظر میں نمایاں کیا ہے۔ بلومبرگ کی تازہ کوریج میں دورے کو ایران اور امریکا کے درمیان جاری بحران کے دوران پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی سرگرمیوں کا حصہ قرار دیا گیا ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کا براہ راست اثر عالمی توانائی اور تجارت پر پڑ رہا ہے۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث تیل کی ترسیل اور عالمی توانائی سپلائی کو خطرات لاحق ہیں، جبکہ خطے میں طویل جنگ کے خدشات نے عالمی منڈیوں میں بھی بے یقینی پیدا کر دی ہے۔ پاکستانی کوششوں کی اہمیت اس امر سے بھی واضح ہوتی ہے کہ موجودہ صورتحال میں اسلام آباد واشنگٹن اور تہران دونوں کے ساتھ رابطے رکھنے کی پوزیشن میں ہے۔ پاکستان اس سے قبل بھی دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات اور کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی کردار ادا کر چکا ہے۔ دریں اثنا وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ تہران میں ہونے والی اعلیٰ سطحی بات چیت میں کشیدگی کم کرنے، خطے میں مزید تصادم روکنے، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور جنگ کے جلد خاتمے کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ موجودہ صورتحال میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران پاکستان کی فعال سفارتکاری اور خطے میں امن کے لیے اسلام آباد کے کردار کو اجاگر کر رہا ہے، جبکہ عالمی سطح پر بھی پاکستان کی کوششوں کو خطے کے استحکام اور عالمی معیشت کو مزید نقصان سے بچانے کے تناظر میں اہم سمجھا جا رہا ہے۔

اور اب معاشی حملہ!

صدر ٹرمپ دنیا کیلیامن کا پیغام لیکر برسراقتدار آئے تھے، مگر اقتدار ملتے ہی طاقت کے زعم میں انہوں نے ایک ایسی عالمی جنگ کی بنیاد رکھ دی جس کا لامتناہی سلسلہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا، طاقتور میزائل اور ڈرون حملوں کا ایرانی قوم

مجید اصغر

نے نہایت پامردی سے مقابلہ کیا، جس کی وجہ سے امریکہ وہ مقاصد حاصل نہ کر سکا جن کا خواب اس نے دیکھا تھا۔ الٹا اسے ناقابل تلافی جنگی اور معاشی نقصانات اٹھانا پڑے۔ ٹرمپ نوبل انعام حاصل کرنا چاہتے تھے، مگر ناروے کی نوبل انعام کمیٹی اندھی نہیں تھی۔ اس نے یہ انعام نہ دے کر ٹرمپ کو دکھی کر دیا، پھر ایران میں امریکہ کو جو ہزیمت اٹھانا پڑی اس سے دنیا بھر میں اس کی رسوائی ہوئی، اس جنگ کیخلاف پوری دنیا میں مظاہرے ہورہے ہیں، خود امریکہ میں ٹرمپ کی مقبولیت 32 فیصد سے بھی نیچے گر گئی ہے۔ ٹرمپ نے عسکری فتوحات میں بری طرح ناکام ہونے کے بعد اب ایران کے خلاف معاشی جنگ کا اعلان کیا ہے اور دنیا کو خبردار کیا ہے کہ جو بھی ملک ایران سے تجارتی لین دین کرے گا اسے سخت ترین نتائج بھگتنا پڑیں گے۔ امریکی وزیر خزانہ کا کہنا ہے کہ ایران پر ایسی سخت معاشی پابندیاں لگائی جائیں گی جن کے بعد فوجی کارروائی کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔ یہ ایک معاشی جنگ کا ا?غاز ہے، جسے سب سے پہلے چین نے مسترد کیا ہے۔ چینی ترجمان کا کہنا ہے کہ ایران کی معاشی تباہی کا امریکی منصوبہ تنازعے کا حل نہیں ہے۔ یہ بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ تنازعے کے حل کے لیے فریقین کو مذاکرات کی طرف جانا ہوگا۔ کینیڈا ایک اور بڑا ملک ہے جسے ٹرمپ امریکہ کی 51 ویں ریاست بنانا چاہتے ہیں، انہوں نے کینیڈا کو زیر کرنے کیلئے معاشی پابندیوں کا اعلان کیا ہے جنہیں کینیڈا کے وزیراعظم نے مسترد کر دیا ہے اور کہا ہے کہ امریکہ جو بھی پابندی لگائے گا اسی طرح کی پابندی ہم امریکہ پر لگائیں گے۔ مشرق وسطیٰ کے ممالک نے جہاں امریکہ نے فوجی اڈے قائم کر رکھے ہیں، امریکہ، اسرائیل، ایران جنگ کے نتائج دیکھ کر امریکہ سے کہا ہے کہ وہ جتنا جلد ممکن ہو اپنے اڈے ختم کر دے، مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی معاہدے کو بھی اسی سلسلے کی کڑی سمجھا جا رہا ہے۔ امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگستھ ایران کے خلاف جنگ کے اصل معمار ہیں، انہوں نے امریکی سینیٹ میں بیان کیا ہے کہ امریکہ کو ایران سے جنگ کے دوران 37.5 ٹریلین ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے اور انتظامیہ مزید 1.5 ٹریلین ڈالر مانگ رہی ہے، جن میں سے 70 بلین جنگ پر خرچ ہونگے، ان جنگی اخراجات کے خلاف امریکہ میں مظاہرے ہورہے ہیں اور مظاہرین کا مشترکہ نعرہ ہے "ہیگستھ کے ہاتھ خون سے رنگین ہیں"۔ امریکی اخبارات کے مطابق ٹرمپ کی معاشی جنگ کا پہلا شکار ایران نہیں خود امریکی منڈیاں ہیں۔ امریکی اسٹاک مارکیٹ تین ہفتوں سے شدید گراوٹ کا شکار ہے۔ آبنائے ہرمز سے تیل کی بندش کے نتیجے میں تیل کی مالیاتی منڈیاں بے چینی کا شکار ہیں۔ امریکہ اس وقت دنیا کا سب سے بڑا مقروض ملک ہے۔

میلاد النبیؐ کے عملی تقاضے

ربیع الاول شریف آتے ہی گلیاں سجنے لگتی ہیں، مساجد میں درود و سلام کی صدائیں بلند ہوتی ہیں، محافلِ نعت منعقد ہوتی ہیں اور عاشقانِ رسولؐ اپنے اپنے انداز میں سرکارِ دو عالمؐ کی ولادت باسعادت کی خوشی مناتے ہیں۔ یہ محبت کا موسم ہے، عقیدت کا موسم ہے، مگر اس کیساتھ ایک سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ 'کیا ہم میلاد مناتے ہوئے میلاد کے آداب بھی ملحوظ رکھتے ہیں؟ سب سے پہلے یہ بات واضح رہنی چاہیے کہ نبی

پیر فاروق بہاؤ الحق شاہ

کریم کی ولادت باسعادت پر خوشی کا اظہار کوئی نئی بات نہیں۔ قرآنِ مجید ہمیں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے فضل پر خوش ہونے کی تعلیم دیتا ہے" اہل ایمان کے لیے سب سے بڑی رحمت خود رحمتِ عالم کی بعثت ہے"۔ اسی طرح صحیح مسلم میں ہے کہ رسول اللہؐ پیر کے روزے کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ وہ دن ہے جس میں میری ولادت ہوئی۔ اس سے کم از کم یہ اصول ضرور سامنے آتا ہے کہ ولادتِ مصطفیٰؐ کے دن کو آپؐ نے اپنی نسبت سے یاد فرمایا۔ برصغیر کے عظیم محدث شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اپنے والد شاہ عبد الرحیم دہلوی کے حوالے سے میلاد کے موقع پر کھانا تیار کرنے کا واقعہ نقل کیا ہے۔ ایک سال مالی تنگی کے باعث وہ بڑا اہتمام نہ کر سکے تو بھنے ہوئے چنے لوگوں میں تقسیم کیے۔ شاہ ولی اللہؒ نے الدر الثمین فی مبشرات النبی الامین میں اس واقعے کو بیان کیا۔ یہ روایت اس امر کی ایک تاریخی شہادت ہے کہ اہلِ علم کے ہاں میلاد کے موقع پر اظہارِ مسرت، کھانا کھلانا اور لوگوں کو شریک کرنا بالکل اجنبی عمل نہیں تھا۔ دنیا کے مختلف مسلم معاشروں میں میلاد کی اپنی اپنی روایات ہیں۔ ترکی میں اسے میلاد قندیلی کہا جاتا ہے، انڈونیشیا میں مولود النبی کی تقریبات مذہبی و ثقافتی زندگی کا نمایاں حصہ ہیں، ملائشیا میں مولد الرسول کے اجتماعات اور جلوس منعقد ہوتے ہیں، یمن میں میلاد بڑے اجتماعات اور نعتیہ محافل کے ساتھ منایا جاتا ہے، جبکہ ایران، عراق، مصر، مراکش، تیونس اور دیگر مسلم معاشروں میں بھی مختلف انداز میں میلاد النبیؐ کی تقریبات ہوتی ہیں۔ گویا یہ محبت صرف پاکستان کی گلیوں تک محدود نہیں دنیا کے مختلف خطوں میں مسلمان اپنے اپنے ثقافتی انداز سے نبی کریم کی ولادت کی خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ لیکن یہ حقیقت پیشِ نظر رہے کہ میلاد اظہارِ محبت ہے، تماشہ نہیں۔ ہمیں دیکھنا ہوگا کہ گزشتہ کچھ عرصے میں بعض محافل میں ایسی چیزیں داخل ہوگئی ہیں جو میلاد کی روح سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ نعت اگر نعت کے بجائے گانے کی طرز پر پیش کی جائے، الفاظ اور اندازِ ادائیگی میں موسیقی اور فلمی رنگ غالب آجائے، نعت خوانوں پر نوٹ نچھاور کرنے کا عامیانہ انداز نمایاں ہو جائے، نعت خواں اور خطیب کی توجہ اللہ اور رسول کی محبت کے بجائے اپنی شہرت، لباس اور داد سمیٹنے پر مرکوز ہوجائے تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہم کس چیز کا جشن منا رہے ہیں؟ زرق برق لباس بذاتِ خود کوئی شرعی جرم نہیں، لیکن اگر لباس، اسٹیج، روشنیوں اور نمود و نمائش کی فراوانی محفل کی روحانی کیفیت کو نگل جائے تو ہمیں رک کر سوچنا چاہیے۔ اگر کسی عمل میں شریعت کی واضح حدود پامال ہوں تو محض یہ کہہ دینا کافی نہیں کہ ہم تو میلاد منا رہے تھے۔ رسول اللہ کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ محبت کا اظہار بھی اسی شریعت کے دائرے میں ہو جو آپؐ لے کر آئے۔

میری درد دل کے ساتھ گزارش ہے: میلاد ضرور منائیں، پہلے سے بڑھ کر منائیں، مگر اسے سیرتِ مصطفیٰؐ سے جوڑ دیں۔ گھروں میں درود و سلام کا اہتمام کریں، قرآن پڑھیں، سیرت کی کتابیں پڑھیں، بچوں کو رسول اللہ کی حیاتِ طیبہ سنائیں، غریبوں کو کھانا کھلائیں، یتیموں کی مدد کریں، صدقہ کریں اور اپنے اخلاق کو نبوی اخلاق کے سانچے میں ڈھالنے کا عہد کریں۔ محفل ہو تو باوقار ہو۔ نعت ہو تو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی یا اس پائے کے شعرا کا کلام پڑھا جائے۔ جلوس ہو تو نمازوں کی پابندی کے ساتھ ہو۔ راستے بند کرنے، لوگوں کو تکلیف دینے، شور شرابہ کرنے، ٹریفک میں رکاوٹ ڈالنے یا کسی دوسرے شہری کے حق کو متاثر کرنے کو عشقِ رسولؐ کا نام نہ دیا جائے۔ کیونکہ جس نبیؐ نے راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹانے کو صدقہ قرار دیا، ان کے میلاد کے نام پر راستے میں دوسروں کے لیے تکلیف پیدا کرنا کیسے محبت کی علامت ہو سکتا ہے؟

ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ میلاد کا سب سے خوبصورت جشن یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی کو محمد مصطفیٰؐ کے طریقے پر ڈھال دیں۔ ہماری زبان جھوٹ سے پاک ہوجائے، کاروبار دھوکے سے پاک ہوجائے، دل کینہ سے پاک ہوجائے، گھر ظلم سے پاک ہوجائیں، معاشرہ بدعنوانی سے پاک ہوجائے اور ہمارے معاملات میں رحم، انصاف، دیانت اور حسنِ اخلاق پیدا ہوجائے۔ میلاد کی اصل خوشی چراغاں سے زیادہ دلوں کے روشن ہونے میں ہے۔ اصل نعت آواز کی بلندی نہیں بلکہ دل کی کیفیت ہے۔ اصل جلوس سڑکوں پر نکلنے سے پہلے اپنے نفس کے خلاف نکلنا ہے۔ اور اصل جشن یہ ہے کہ جس ہستی کی ولادت پر ہم خوشیاں منا رہے ہیں، کل قیامت وہ ہمیں دیکھیں تو ہماری زندگی میں اپنی تعلیمات کی جھلک بھی نظر آئے۔

آیئے اس ربیع الاول میں ایک عہد کریں: میلاد منائیں مگر ایسا میلاد جو اللہ کو پسند ہو، جو رسول اللہ کی شان کے شایانِ شان ہو، جو شریعت کی حدود میں ہو، جو کسی انسان کو تکلیف نہ دے اور جو ہماری زندگی کو سیرتِ مصطفیٰؐ کے قریب لے جائے۔ یہی میلاد کی خوبصورتی ہے، یہی محبت کا ادب ہے، اور شاید یہی ہمارے جشنِ میلاد کا سب سے بڑا پیغام بھی۔

ایک وسیع البنیاد حکومت کی ضرورت

قومی حکومت اور ٹیکنو کریٹس کی حکومت کے درمیان فرق الفاظ کا نہیں ہے۔ یہ اُس چیز کے درمیان فرق ہے جو زندہ رہ سکتی ہے اور اُس چیز کے درمیان جو زندہ نہیں رہ سکتی۔ آئینی مسئلے سے آغاز کیجیے، کیونکہ یہ وہ مسئلہ ہے جس کا اس بحث میں تقریباً کبھی ذکر ہی نہیں ہوتا۔ پاکستان صدارتی نظام نہیں چلاتا جس میں سربراہ مملکت ماہرین کی کابینہ مقرر کرے اور انہیں حکومت کرنے بھیج دے۔ ہم جماعتی بنیادوں پر قائم پارلیمانی نظام چلاتے ہیں۔ آرٹیکل اکانوے کے تحت وزیراعظم کو قومی اسمبلی اپنے ہی اراکین میں سے منتخب کرتی ہے۔ اُسے چنا نہیں جاتا۔ اُسے کسی بیرونی اتھارٹی

اقبال لطیف

کی طرف سے نامزد کرکے توثیق نہیں دی جاتی۔ اُسے وہ لوگ منتخب کرتے ہیں جو خود منتخب ہو کر ا?ئے تھے، اور وہ اپنے منصب پر صرف اُس وقت تک رہتا ہے جب تک وہی لوگ اُسے اپنا اعتماد دیتے رہیں۔ ٹیکنو کریٹ، بہ تعریف، اُس اسمبلی کا رکن نہیں ہوتا۔ اسلئے وہ وزیراعظم بن ہی نہیں سکتا جب تک پہلے رکن نہ بن جائے، جس کیلئے یا تو ضمنی انتخاب چاہیے یا کوئی نشست جو اُس کیلئے خالی کی جائے، اور اُس لمحے وہ ٹیکنو کریٹ نہیں رہتا بلکہ ایک ایسا سیاستدان بن جاتا ہے جس پر قرض چڑھ چکا ہے۔ آئین یہ اجازت ضرور دیتا ہے کہ غیر اراکین کو وفاقی وزیر مقرر کیا جائے، لیکن یہ اجازت صرف چھ ماہ کیلئے ہے۔ چھ ماہ کے بعد ایسا وزیر اپنے عہدے سے فارغ ہو جاتا ہے اگر وہ اُس وقت تک مجلسِ شوریٰ کا رکن نہ بن چکا ہو۔ چھ ماہ کوئی استحکامی پروگرام نہیں ہوتا۔ چھ ماہ میں تو مشکل سے فائلیں ہی پڑھی جا سکتی ہیں۔ یہ قانونی اعتراض ہے۔ سیاسی اعتراض اس سے بڑا ہے۔ ٹیکنو کریٹ کے پاس کوئی حلقہ نہیں ہوتا۔ اُسے ووٹ کے ذریعے سزا نہیں دی جا سکتی اور اسلئے وہ کسی سے صبر کا تقاضا نہیں کر سکتا۔ یہ بات اُس وقت تک خوبی معلوم ہوتی ہے جب تک آپ یہ نہ سمجھ لیں کہ معاشی استحکام دراصل کیا مانگتا ہے۔ وہ یہ مانگتا ہے کہ کوئی رحیم یار خان کے کسان سے کہے کہ اُس کی بجلی اب مہنگی ہوگی، اور یہ بات اِس انداز میں کہے کہ اُس میں یہ خاموش وعدہ شامل ہو کہ وہ لوٹ کر اُسی کسان کا سامنا دوبارہ کرے گا۔ وہ یہ مانگتا ہے کہ کوئی کراچی کے تنخواہ دار طبقے کو سمجھائے کہ وہ ایک بار پھر وہ بوجھ کیوں اٹھا رہا ہے جس سے تجارت اور جائیداد کے شعبے مسلسل بچ نکلتے ہیں، اور یہ بات کسی موقف پر کھڑے ہو کر کہے۔ وزارت خزانہ حساب کتاب پیش کر سکتی ہے۔ اُس حساب کتاب سے پیدا ہونے والا غصہ صرف ایک سیاستدان جذب کر سکتا ہے۔ ہمارے ہاں قابل آدمیوں کی کبھی کمی نہیں ہوئی۔ ان تمام تجربات میں جو چیز ہمیشہ غائب رہی وہ جواز اور قبولیت تھی۔ اور ہم یہ تجربے پہلے بھی کر چکے ہیں، ایک سے زیادہ بار، مختلف لباس پہن کر۔ معین قریشی انیس سو ترانوے میں ایک بین الاقوامی شہرت کیساتھ تشریف لائے اور اصلاحات کا ایک ایسا مجموعہ پیش کیا جسے بیرونِ ملک بہت سراہا گیا اور جو اٹھارہ مہینوں کے اندر تقریباً مکمل طور پر واپس لے لیا گیا، کیونکہ جن لوگوں کو وہ ورثے میں ملیں اُن پر انکا کوئی احسان نہیں تھا۔ شوکت عزیز حقیقی بینکاری صلاحیت لے کر پہلے وزارتِ خزانہ اور پھر وزیراعظم ہاؤس پہنچے، اور اُن برسوں کی نمو، اُنکے بارے میں آپ جو بھی رائے رکھیں، پہلے سیاسی طوفان کا سامنا کرتے ہی ختم ہو گئی، کیونکہ وہ ایک بندوبست پر کھڑی تھی، کسی مینڈیٹ پر نہیں۔ تو میرے مطالعے میں جو چیز دراصل راستے میں ہے وہ ٹیکنو کریٹس کی حکومت نہیں ہے۔ وہ ایک قومی حکومت ہے۔ یہ بالکل مختلف چیز ہے۔ قومی حکومت کا مطلب یہ ہے کہ جو جماعتیں پہلے ہی اسمبلی کے اندر موجود ہیں وہ اُس مفاہمت کو باقاعدہ شکل دیدیں جو اِس وقت لین دین پر مبنی اور قدرے شرمیلی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی باہر سے حمایت کرنا چھوڑ دے، جہاں اُسے خطرے کے بغیر اثر و رسوخ حاصل ہے، اور اندر آ جائے، جہاں وہ وزارتیں، ذمہ داری اور الزام ایک ہی پیکٹ میں قبول کرے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ آئینی زنجیر ٹوٹے نہیں، اسمبلی چلتی رہے، وزیراعظم ایوان کے سامنے جوابدہ رہے، اور مشکل فیصلوں کی قیمت ایک ہی سیاسی خاندان پر مرتکز ہونے کے بجائے ایک سے زیادہ خاندانوں میں تقسیم ہو جائے۔ ٹیکنو کریٹ کابینہ ساری ناراضی جمع کر کے اُن آدمیوں کے حوالے کر دیتی ہے جن میں اُسے اٹھانے کی کوئی سکت نہیں۔ قومی حکومت وہی ناراضی اُن آدمیوں میں بانٹ دیتی ہے جنکے پاس اسے اٹھانے کے سوا کوئی چارہ نہیں، کیونکہ وہ پہلے ہی اندر ہیں اور اب انکار نہیں کر سکتے۔ موجودہ سیٹ اپ دو ہزار چوبیس کے ا?غاز میں تقریباً ہر پیش گوئی کے برخلاف اتنا عرصہ کیوں چلا؟ جواب نظریاتی نہیں ہے۔ یہ مزاجی ہے۔ شہباز شریف تصادم پیدا نہیں کرتے۔

اداکارہ خالدہ ریاست کی 30 ویں برسی (آج) منائی جائیگی

فنی کیریئر کا آغاز 70 کی دہائی میں ڈرامہ سیریل "نادار" سے کیا، شہرت ڈرامہ سیریل "بندش" سے ملی

لاہور (این این آئی) پاکستانی ٹی وی ڈراموں کی صف اول کی اداکارہ خالدہ ریاست کی 30 ویں برسی (آج) 26 اگست کو منائی جائے گی۔ انھوں ناظرین کو اپنی عمدہ پرفارمنس سے متاثر کرنے والی خالدہ ریاست [illegible] جنوری 1953ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں۔ باصلاحیت فنکارہ نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز 70 کی دہائی میں ڈرامہ سیریل "نادار" سے کیا، جس میں ان کے ہمراہ اداکار شکیل نے اہم کردار ادا کیا، لیکن انہیں مقبولیت معروف ڈرامہ نگار حسینہ معین کی تحریر کردہ ڈرامہ سیریل "بندش" سے ملی، جس کو پی ٹی وی ڈرامہ پروڈیوسر محسن علی نے پروڈیوس کیا تھا۔ انور مقصود کے اسکرپٹ پر مبنی طویل دورانیے کے کھیل "ہاف پلیٹ" میں ان کی اداکار معین اختر کے ساتھ کلاسیک کردار نگاری ڈرامہ شائقین کو آج بھی یاد ہے۔ انہوں نے اپنی ہم عصر فنکاروں روحی بانو، عظمیٰ گیلانی اور دیگر کے ساتھ لاتعداد ڈراموں اور سیریل میں کام کیا۔ ان کے مشہور ڈراموں میں پناہ، بندش، دھوپ دیوار، کھویا ہوا آدمی، سلور جوبلی، تعبیر، اب تم جا سکتے ہو اور پڑوسی کے علاوہ دیگر شامل ہیں۔ فنکارانہ زندگی ملک کے دیگر شہروں میں گزارنے کے بعد زندگی کے آخری ایام انہوں نے مقامی ہسپتال میں خفیہ طور پر بسر کیے، وہ سرطان کے مرض میں مبتلا تھیں۔ خالدہ ریاست کی آخری ڈرامہ سیریل "پڑوسی" تھی جس کے بعد انہوں نے فنی دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر لی، لوگوں کو خوشیاں دینے والی یہ باصلاحیت اداکارہ 26 اگست 1996ء کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔

زندگی میں کوئی کامیابی نہ کمانے والے کی نصیحت نہیں سنوں گی، کنگنا رناوت

کنگنا نے تاپسی پنوں کے ساتھ اپنی پرانی نوک جھونک کو اس وقت دوبارہ تازہ کر دیا جب تاپسی نے ان کی پرورش پر تبصرہ کیا

ممبئی (این این آئی) اداکارہ اور سیاستدان کنگنا رناوت نے کہا ہے کہ وہ بالی ووڈ کے ایسے لوگوں کی تنقید برداشت نہیں کریں گی جن انہوں نے اپنے متعلقہ کیریئر میں کوئی کامیابی حاصل نہیں کی۔ اداکارہ نے پاپارازی سے بات کرتے ہوئے ان متعدد شخصیات کو جواب دیا جنہوں نے گزشتہ چند ماہ کے دوران ان پر تبصرے کیے تھے۔ کنگنا نے کہا کہ میں ہر روز ایسے لوگوں کو دیکھتی ہوں، چاہے وہ سونو سود ہوں، جو کہتے ہیں کہ مجھے تمیز سیکھنی چاہیے۔ راکھی ساونت جیسے لوگ، جو میرے کردار کے بارے میں ہر طرح کے فحش تبصرے کرتے ہیں اور تاپسی پنوں جو میرے والدین، میری پرورش اور میرے پس منظر کی توہین کرتی رہتی ہیں۔ انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے مزید کہا کہ ان لوگوں کے لیے میرا صرف ایک ہی پیغام ہے۔ اگر میرے جیسی ایک فیصد بھی زندگی میں کامیابی نہیں کما پائے ہو تو میں آپ کی کوئی بھی نصیحت نہیں سنوں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام ناکام اور غیر ضروری لوگ ہر وقت مجھے گالیاں دیتے رہتے ہیں۔ وہ صرف میڈیا کی توجہ حاصل کرنا چاہتے ہیں، لیکن پہلے میرے جیسا بن کر دکھائیں۔ کیا آپ بن سکتے ہیں؟ میں یہاں آپ کی بات سننے کے لیے نہیں بیٹھی ہوں۔ گزشتہ چند دنوں میں، کنگنا نے تاپسی پنوں کے ساتھ اپنی پرانی نوک جھونک کو اس وقت دوبارہ تازہ کر دیا جب تاپسی نے ان کی پرورش پر تبصرہ کیا۔ اب حذف شدہ انسٹاگرام اسٹوریز میں، کنگنا نے تاپسی کو سستی کاپی کہا اور ان پر ان کی پرورش اور والدین کا مذاق اڑانے کا الزام لگایا۔ کنگنا نے کہا کہ میں ہر روز ایسے لوگوں کو دیکھتی ہوں، چاہے وہ سونو سود ہوں، جو کہتے ہیں کہ مجھے تمیز سیکھنی چاہیے۔ راکھی ساونت جیسے لوگ، جو میرے کردار کے بارے میں ہر طرح کے فحش تبصرے کرتے ہیں اور تاپسی پنوں جو میرے والدین، میری پرورش اور میرے پس منظر کی توہین کرتی رہتی ہیں۔

شاہ رخ خان نے ایشوریا کو اپنی پانچ فلموں سے نکالا تھا اور تمام فلمیں کامیاب ہوئیں

کچھ فلمیں ایسی تھیں جو میرے ساتھ بننے والی تھیں، لیکن اچانک وہ فلمیں نہیں بنیں اور اس کی کوئی وجہ بھی نہیں بتائی گئی، ایشوریا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان اور ایشوریا رائے کی جوڑی نے محبتیں، دیوداس اور جوش جیسی فلموں میں مداحوں کو بہت متاثر کیا۔ تاہم، دونوں کی زبردست مقبولیت کے باوجود شاہ رخ خان نے ایشوریا کو اپنی پانچ فلموں سے نکالا اور یہ تمام فلمیں بعد میں بڑی کامیاب ثابت ہوئیں۔ بعض رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ شاہ رخ نے یہ فیصلہ اس وقت کیا جب ایشوریا کے ساتھ ایک فلم کی شوٹنگ کے دوران سلمان خان نے مبینہ طور پر مسائل پیدا کیے۔ ایشوریا رائے 2003 کی فلم چلتے چلتے کے لیے پہلی پسند تھیں۔ فلم کی شوٹنگ شروع بھی ہو چکی تھی۔ یہ فلم شاہ رخ خان اور جوہی چاولہ کی پروڈکشن کمپنی ڈریمز ان لمیٹڈ کے تحت بن رہی تھی۔ تاہم فلم کے درمیان میں رانی مکھرجی نے ایشوریا کی جگہ لے لی۔ مبینہ طور پر ایشوریا کو اس لیے تبدیل کیا گیا کیونکہ سلمان خان نے سیٹ پر مسائل پیدا کیے، جس کی وجہ سے فلم کی شوٹنگ میں تاخیر اور کشیدگی پیدا ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق، دونوں اداکاروں نے شاہ رخ خان سے معذرت بھی کی، لیکن پروڈیوسرز نے ان کی معذرت پر اعتماد نہیں کیا۔ بعد میں سمی گریوال کو دیے گئے ایک انٹرویو میں ایشوریا نے بھی اس بات کی تصدیق کی کہ انہیں شاہ رخ خان کے ساتھ کم از کم پانچ فلموں سے نکالا گیا تھا۔ چلتے چلتے کے علاوہ ان فلموں میں ویر زارا اور کل ہو نہ ہو بھی شامل تھی۔ ایشوریا کے مطابق کچھ فلمیں ایسی تھیں جو میرے ساتھ بننے والی تھیں، لیکن اچانک وہ فلمیں نہیں بنیں اور اس کی کوئی وجہ بھی نہیں بتائی گئی۔ یہ میرا فیصلہ نہیں تھا۔ ظاہر ہے آپ حیران، پریشان اور یقیناً دکھی ہوتے ہیں۔ آپ سوچتے ہیں کہ آخر ایسا کیوں ہوا؟ فلم چلتے چلتے سے ایشوریا کو ہٹانے کے بارے میں بعد میں شاہ رخ خان نے بتایا تھا کہ کسی کے ساتھ ایک پروجیکٹ شروع کرنا اور پھر بغیر کسی غلطی کے اسے تبدیل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ یہ بہت افسوسناک ہے، کیونکہ ایش ایک اچھی دوست ہیں۔

مسئلہ کسی ایک مشکل ورزش کا نہیں بلکہ مسلسل ورزش کرتے رہنا اصل چیلنج ہے، شلپا شیٹی

شلپا شیٹی اپنی فٹنس، یوگا اور متوازن طرز زندگی کے باعث طویل عرصے سے مداحوں کی توجہ کا مرکز ہیں

ممبئی (این این آئی) ڈھلتی عمر کے باوجود نکھرتے حسن و جوانی کی مالک بالی ووڈ کی معروف اداکارہ شلپا شیٹی نے اپنے مداحوں کو کچھ راز کی باتیں بتائی ہیں۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں شلپا شیٹی نے بتایا کہ وقت کے ساتھ ساتھ ان کی خوراک اور صحت کے بارے میں سوچ بھی تبدیل ہوئی ہے۔ شلپا شیٹی نے بتایا کہ ماضی میں وہ کیلوریز اور اس بات پر زیادہ توجہ دیتی تھیں کہ کیا کھانا چاہیے اور کیا نہیں لیکن اب ان کی سوچ تبدیل ہو چکی ہے۔ ان کے بقول اب ان کی خوراک کا مقصد خود کو محدود کرنا نہیں بلکہ اپنے جسم کی ضروریات کو سمجھنا اور اسے مناسب غذائیت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے متوازن غذا سے متعلق انکشاف کیا کہ فٹنس کے سفر کے ابتدائی دور ہی میں پروٹین کی اہمیت کو سمجھ لیا تھا کیونکہ صرف ورزش کرنا کافی نہیں ہے۔ اداکارہ نے پروٹین کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پروٹین ان کی خوراک کا اہم حصہ ضرور ہے تاہم متوازن غذا کے لیے کیلشیم، وٹامن ڈی، اچھی چکنائیاں، کاربوہائیڈریٹس، مائیکرو نیوٹرینٹس اور مناسب پانی بھی ضروری ہیں۔ شلپا شیٹی کا مزید کہنا تھا کہ متوازن غذا کے ساتھ طاقت بڑھانے والی ورزش، کارڈیو ایکسرسائز، جسم کی لچک، حرکت اور مناسب ریکوری بھی مجموعی فٹنس کا حصہ ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ گھر میں کسی ایک مخصوص ڈائٹ کو سب پر مسلط کرنے کے بجائے خاندان کو متوازن اور صحت مند کھانے کی عادت ڈالنے کی کوشش کرتی ہیں۔ تاہم وہ بچوں کو پیزا یا میٹھا کھانے پر احساسِ جرم میں مبتلا نہیں کرنا چاہتیں۔ بچوں کا کھانے کے ساتھ ایسا صحت مند تعلق ہونا چاہیے۔

اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کو مداحوں سے بچھڑے 18 برس بیت گئے

احمد فراز کو آدم جی ایوارڈ، ستارہ امتیاز، ہلال امتیاز، اباسین ایوارڈ، نقش ادب ایوارڈ سمیت لاتعداد ملکی و غیرملکی ایوارڈز سے نوازا گیا

کوئٹہ (این این آئی) اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کو مداحوں سے بچھڑے 18 برس بیت گئے، اس سلسلے میں ملک بھر کے ادبی حلقوں میں تعزیتی تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں احمد فراز کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ احمد فراز 25 اگست 2008 کو انتقال کر گئے تھے۔ احمد فراز 14 جنوری 1931 کو پشاور میں پیدا ہوئے تھے دوران تعلیم انہوں نے اپنا پہلا شعری مجموعہ تنہا تنہا لکھا تھا۔ احمد فراز کے مجموعہ کلام میں تنہا تنہا، درد آشوب، بے آواز گلی کوچوں میں، نابینا شہر میں آئینہ، [illegible]، خواب گل پریشاں ہیں، جاناں جاناں، غزل بہانہ کروں اور دیگر قابل ذکر ہیں۔ احمد فراز کو آدم جی ایوارڈ، ستارہ امتیاز، ہلال امتیاز، اباسین ایوارڈ، نقش ادب ایوارڈ سمیت لاتعداد ملکی و غیرملکی ایوارڈز سے نوازا جا چکا ہے احمد فراز نے سابق صدر جنرل پرویز مشرف کے دور حکومت میں بعض پالیسیوں کی مخالفت پر احتجاجاً ہلال امتیاز واپس کر دیا تھا احمد فراز کی شاعری کے انگریزی، فرانسیسی، پنجابی، جرمن، روسی اور دیگر زبانوں میں بھی تراجم شائع ہو چکے ہیں۔ احمد فراز گردوں کے عارضے کا شکار تھے وہ علاج کیلئے امریکہ بھی گئے تھے جہاں سے وہ صحتیاب ہو کر آئے تھے 25 اگست 2008 کو وہ اچانک گردوں کی بیماری کی وجہ سے اسلام آباد کے ایک اسپتال میں جہان فانی سے رخصت ہو گئے۔ احمد فراز 14 جنوری 1931 کو پشاور میں پیدا ہوئے تھے دوران تعلیم انہوں نے اپنا پہلا شعری مجموعہ تنہا تنہا لکھا تھا۔

فلم انڈسٹری کے بانی، ہدایتکار نذیر احمد کی 43 ویں برسی (آج) منائی جائیگی

انہیں باؤ جی کے نام سے پہچانا جاتا ہے، ان کی پہلی پنجابی فلم پہلی سلور جوبلی کرنے والی پاکستانی فلم تھی

لاہور (این این آئی) متحدہ ہندوستان، پاکستان فلم انڈسٹری کے بانی اور سٹائل اداکار، پروڈیوسر، ہدایتکار اور فلم کے دیگر شعبوں میں مہارت رکھنے والے نذیر احمد خان کی 43 ویں برسی (آج) 26 اگست کو منائی جائے گی۔ انہیں پاکستان اور بھارت میں باؤ جی کے نام سے بھی پہچانا جاتا ہے۔ انہوں نے پاکستان میں پہلی پنجابی فلم بنائی جو پہلی سلور جوبلی کرنے والی پاکستانی فلم تھی جبکہ اس کے علاوہ بھی انہوں نے متعدد سپر ہٹ فلمیں دیں۔ نذیر احمد خان کا شمار ان چند اداکاروں اور ہدایتکاروں میں ہوتا ہے جو 1947 میں بمبئی (ممبئی) کو چھوڑ کر لاہور آئے اور یہاں آکر فلم انڈسٹری کی بنیاد رکھی۔ ان کی پروڈکشنز نے سپر ہٹ اور سدا بہار حمد یا گاں والیو نام جپو مولا نام، نعت شاہ مدینہ، گیت رب دی سوں تیرے نال پیار ہوگیا چناں جی مجی، لوری راج دلارے، اساں جان کے میٹ لئی اکھ وے، نیں نہیں لانا، میں اُڈی اُڈی جاواں سمیت دیگر بہت سے شاہکار گیت شامل ہیں۔ نذیر احمد خان نے فلم انڈسٹری کیلئے بہت سے نئے چہرے تلاش کیے اور انہیں فلم انڈسٹری میں بطور سٹارز متعارف کرایا۔ انہوں نے حیران کن طور پر 30 دنوں کے اندر فلم مکمل کرنے بشمول پوسٹ پروڈکشن کا کام مکمل کرنے کا منفرد ریکارڈ بھی قائم کیا اور یہ کارنامہ انہوں نے صرف ایک بار نہیں بلکہ متعدد بار سرانجام دیا اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ 1940 اور 1950 کی دہائیوں میں ہوا۔ نذیر احمد خان وژن رکھنے والے اور لگن سے کام کرنے والے فلمساز تھے جنہوں نے اپنا سب کچھ فلم انڈسٹری کو دیا۔ وہ واحد ہیرو تھے جنہوں نے اپنے دور کی 35 مختلف ہیروئنوں کے ساتھ کام کیا، انہوں نے اپنے 55 سالہ فلمی کیریئر کے دوران 200 کے قریب فلموں میں کام کیا۔ فلم "نوکر" میں ان کی اداکاری کو دیکھ کر لوگوں کو جذباتی طور پر مغلوب اور آنسو بہاتے ہوئے دیکھا گیا۔ سرحد کے دونوں طرف باؤ جی کے نام سے جانے والے نذیر احمد خان 26 اگست 1983 کو اس جہان فانی سے کوچ کر گئے تھے۔

باکسر عثمان وزیر 26 ستمبر کو تھائی لینڈ میں انڈونیشیا کے باکسر ایری آگسٹن کیخلاف انٹرنیشنل فائٹ کا اعلان

پہلا ورلڈ یوتھ ٹائٹل جیتا ہے، سیاسی مسائل کی وجہ سے کیریئر میں سپورٹ نہیں ملی، دنیا کے بہترین باکسرز کو چت کرنا چاہتا ہوں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے نامور پروفیشنل باکسر عثمان وزیر نے اپنی اگلی انٹرنیشنل فائٹ کا اعلان کر دیا۔ عثمان وزیر کی فائٹ 26 ستمبر کو تھائی لینڈ میں ہوگی۔ عثمان وزیر اپنی فائٹ انڈونیشیا کے باکسر ایری آگسٹن کے خلاف لڑیں گے۔ باکسر عثمان وزیر نے یہاں پریس کانفرنس میں بتایا کہ پاکستان کی جانب سے پہلا ورلڈ یوتھ ٹائٹل میں نے جیتا ہے، سیاسی مسائل کی وجہ سے کیریئر میں سپورٹ نہیں ملی، دنیا کے بہترین باکسرز کو چت کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اس فائٹ کے لیے مجھے کور کمانڈر پشاور اور وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان نے مالی معاونت فراہم کی ہے، کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل عمر بخاری کھیلوں کے حوالے سے ہمیشہ تعاون کرتے رہے ہیں۔ باکسر عثمان وزیر نے کہا کہ گلگت بلتستان کے نومنتخب وزیراعلیٰ امجد حسین سے ملاقات ہوئی، انہوں نے میری مستقبل کی تمام فائٹس کے حوالے سے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ باکسر عثمان وزیر نے کہا کہ انیسویں انٹرنیشنل فائٹ کرنے جا رہا ہوں، اٹھارہ جیت چکا ہوں، انڈونیشیا کے باکسر چیلنجنگ ہیں، انہیں زیر کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں، پاکستان کے لیے پروفیشنل باکسنگ میں نام روشن کرنا چاہتا ہوں، کور کمانڈر پشاور ہمیشہ سے کھیلوں کو سپورٹ کرتے ہیں، پروفیشنل ایتھلیٹک کے کیریئر کے لیے اسپانسر شپ بہت ضروری ہوتی ہے، پاکستان کی جانب سے پہلا ورلڈ یوتھ ٹائٹل میں نے جیتا ہے، سیاسی مسائل کی وجہ سے کیریئر میں سپورٹ نہیں ملی، دنیا کے بہترین باکسرز کو چت کرنا چاہتا ہوں، باکسنگ فیڈریشن ٹھیک کردار ادا کرے تو اولمپک میں بھی پاکستان کی نمائندگی کر سکتا ہوں۔

کیمپ میں زیادہ تر میچز بوائز کیساتھ کھیلنے کا ہمیں بہت فائدہ ہوا، فاطمہ ثنا

صرف بھارت کے خلاف مقابلے پر توجہ مرکوز نہیں، ایشیا کپ میں ہر میچ کو اہمیت دی جائے گی، میڈیا سے گفتگو

لاہور (آن لائن) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے ویمنز ایشیا کپ 2026 سے قبل ٹیم کی تیاریوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیمپ میں زیادہ تر میچز بوائز کے ساتھ کھیلے جس سے ہمیں بہت فائدہ ہوا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فاطمہ ثنا نے کہا کہ ٹیم نے ماضی کی غلطیوں پر قابو پانے کے لیے کام کیا ہے اور ایشیا کپ میں ہر میچ کو اہمیت دی جائے گی، صرف بھارت کے خلاف مقابلے پر توجہ مرکوز نہیں ہے۔ قومی کپتان نے دی ہنڈرڈ میں شرکت کو اپنے لیے اعزاز قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی پہلی خاتون کرکٹر کی حیثیت سے انگلش لیگ میں کھیلنا بہت اچھا تجربہ رہا۔ ایونٹ میں پاکستان کا نام آنے پر خوشی ہوئی اور امید ہے کہ مستقبل میں مزید پاکستانی کھلاڑیوں کو بھی وہاں کھیلنے کا موقع ملے گا۔ فاطمہ ثنا نے کہا کہ کھلاڑیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ بیٹنگ اور بولنگ کے ساتھ فیلڈنگ پر بھی خصوصی توجہ دیں کیونکہ کامیابی کے لیے تینوں شعبوں میں اچھی کارکردگی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مردوں کی ٹیم کے ساتھ ٹریننگ اور میچز سے کھلاڑیوں کو مشکل حالات میں کھیلنے کا تجربہ ملا ہے جس سے ایشیا کپ کی تیاریوں میں مدد مل رہی ہے۔ واضح رہے کہ ویمنز ایشیا کپ 28 اگست سے 13 ستمبر تک دبئی میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان گروپ اے میں بھارت، ہانگ کانگ اور تھائی لینڈ کے ساتھ شامل ہے۔ قومی ٹیم یکم ستمبر کو تھائی لینڈ، 5 ستمبر کو بھارت اور 7 ستمبر کو ہانگ کانگ کے خلاف میدان میں اترے گی۔ صرف بھارت کے خلاف مقابلے پر توجہ مرکوز نہیں ہے۔ قومی کپتان نے دی ہنڈرڈ میں شرکت کو اپنے لیے اعزاز قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی پہلی خاتون کرکٹر کی حیثیت سے انگلش لیگ میں کھیلنا بہت اچھا تجربہ رہا۔

پنجاب پولیس کرکٹ ٹیم کی ٹمنی رائل ٹورنی T20 ٹورنامنٹ میں شاندار کامیابی، آئی جی پنجاب عبدالکریم کی شاباش

[illegible] ٹورنامنٹ میں شرکت، [illegible] پنجاب پولیس کے [illegible]

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے ٹمنی رائل ٹورنی T20 ٹورنامنٹ کی ٹرافی اپنے نام کرنے پر پنجاب پولیس کرکٹ ٹیم، آفیشلز، ٹیم مینجمنٹ اور کوچز کو شاندار کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ پنجاب پولیس کرکٹ ٹیم، آفیشلز، ٹیم مینجمنٹ اور کوچز نے سنٹرل پولیس آفس لاہور کا دورہ کیا اور ڈائریکٹر جنرل پاکستان پولیس سپورٹس بورڈ ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس عمران ارشد سے ملاقات کی۔ ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد نے پیٹرن پاکستان پولیس کرکٹ سپورٹس ڈسپلن ایڈیشنل آئی جی آئی اے بی عمران محمود، پنجاب پولیس کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں اور انتظامیہ کو شاندار فتح پر مبارکباد دی۔ انہوں نے ٹیم کی کامیابی پر کھلاڑیوں، آفیشلز اور کوچز کو کیش ایوارڈز اور تعریفی اسناد سے نوازا۔ ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد نے کہا کہ پنجاب پولیس کے کھلاڑی کرکٹ سمیت تمام کھیلوں میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ پولیس کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ٹیم کپتان شعیب اور مینیجر سب انسپکٹر اظہر کو تعریفی اسناد اور کیش انعام سے نوازا گیا جبکہ منظور سینٹر ٹریک وارڈن سلیم جٹ اور کوچ ہیڈ کانسٹیبل ندیم کو بھی کیش انعام اور تعریفی اسناد دی گئیں۔ پنجاب پولیس کرکٹ ٹیم نے 2025 میں ٹمنی رائل ٹورنی T20 ٹورنامنٹ کی ٹرافی اپنے نام کی۔ فائنل مقابلے میں پنجاب پولیس نے [illegible] کرکٹ ٹیم کو زبردست مقابلے کے بعد شکست دی۔ ٹورنامنٹ میں پنجاب پولیس سمیت ملک بھر سے 8 کرکٹ ٹیموں نے حصہ لیا جبکہ تمام ٹیموں میں انٹرنیشنل کھلاڑیوں نے بھی نمائندگی کی۔ پنجاب پولیس کی جانب سے انٹرنیشنل کرکٹر آصف علی نے 36 گیندوں پر شاندار 99 رنز بنا کر ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ پنجاب پولیس نے پہلی مرتبہ اس ٹورنامنٹ میں شرکت کی اور ناقابل شکست رہتے ہوئے ٹورنامنٹ اپنے نام کیا۔

شاہین آفریدی کے بیٹے آلیار کی دوسری سالگرہ، تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

سابق کپتان شاہد آفریدی بھی تقریب میں بچوں کے ساتھ گھل مل گئے، ننھے آلیار کو سالگرہ کی مبارکباد

پشاور (آن لائن) پاکستان ون ڈے ٹیم کے کپتان شاہین آفریدی کے بیٹے اور سابق کپتان شاہد آفریدی کے نواسے آلیار کی دوسری سالگرہ کی تقریب منعقد ہوئی، جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ آلیار کی سالگرہ کی تقریب میں قریبی عزیز و اقارب نے شرکت کی اور ننھے آلیار کی دوسری سالگرہ کو یادگار بنایا، اس موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب بھی ہوئی۔ شاہین آفریدی نے سالگرہ کے موقع پر بیٹے کے ساتھ وقت گزارا، اس کے ساتھ کھیلتے رہے اور فیس پینٹنگ بھی کی۔ شاہین آفریدی نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں بیٹے کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے لکھا کہ دو سال قبل آلیار نے ان کی دنیا کو روشن کیا اور اسے مزید خوبصورت بنا دیا۔ دوسری جانب سابق کپتان شاہد آفریدی بھی تقریب میں بچوں کے ساتھ گھل مل گئے، انہوں نے ننھے آلیار کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ دو سال خوشیوں، محبت اور یادگار لمحات سے بھرپور رہے۔ شاہین آفریدی اور شاہد آفریدی کی جانب سے سالگرہ کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کیے جانے کے بعد مداحوں نے انہیں پسند کیا اور آلیار کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب بھی ہوئی۔ شاہین آفریدی نے سالگرہ کے موقع پر بیٹے کے ساتھ وقت گزارا، اس کے ساتھ کھیلتے رہے اور فیس پینٹنگ بھی کی۔

برائیڈن کارس کا نائٹ کلب تنازع، مائیکل وان نے سخت سزا کا مطالبہ کر دیا

ایک سال میں انگلینڈ کے آٹھ سینٹرل کنٹریکٹ کھلاڑی ایسے واقعات میں ملوث یا موقع پر موجود پائے گئے، مائیکل وان

لندن (آن لائن) انگلینڈ کے سابق کپتان مائیکل وان نے فاسٹ بولر برائیڈن کارس کے حالیہ تنازع کے بعد ٹیم کے لیے سخت سزا کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ مائیکل وان کے مطابق ایسی کارروائی ہونی چاہیے جو پوری انگلش ٹیم اور نچلی سطح تک موجود کھلاڑیوں کے لیے واضح مثال بن جائے۔ 31 سالہ کارس کو ہفتے کی شب ڈربی میں اپنے ڈرہم کے ساتھیوں کے ساتھ نائٹ کلب کے باہر مختصر وقت کے لیے حراست میں لیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق ایک شخص کو شراب کے نشے میں بدنظمی کے شبے میں گرفتار کیا گیا تاہم کچھ دیر بعد اسے رہا کر کے علاقہ چھوڑنے کو کہا گیا۔ واقعے کی کرکٹ ریگولیٹر تحقیقات کر رہی ہے جس کے باعث کارس کو پاکستان کے خلاف لارڈز میں ہونے والے دوسرے ٹیسٹ کے اسکواڈ سے نکال دیا گیا اور ان کی جگہ سونی بیکر کو شامل کیا گیا۔ وان نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں انگلینڈ کے آٹھ سینٹرل کنٹریکٹ کھلاڑی رات گئے پیش آنے والے مختلف واقعات میں ملوث یا موقع پر موجود رہے ہیں۔ ان میں ہیری بروک، بین ڈکٹ، بین اسٹوکس اور گس اٹکنسن بھی شامل ہیں۔ سابق اسپنر فل ٹفنل نے بھی سخت سزا کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ چند میچز کے لیے معطلی کھلاڑیوں کو نظم و ضبط کا احساس دلانے کے لیے مؤثر ثابت ہو سکتی ہے۔ کارس انگلینڈ کے اہم بولرز میں شمار ہوتے ہیں اور اکتوبر 2024 میں ٹیسٹ ڈیبیو کے بعد 58 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔ دوسری جانب کپتان جو روٹ کو اب ٹیم کی ڈسپلن اور شراب نوشی سے متعلق سوالات کا سامنا کرنا ہوگا۔

پاکستانی باکسر عثمان وزیر 26 ستمبر کو انڈونیشین باکسر سے فائٹ کا اعلان

پاکستان کا نام روشن کرنا میرا مشن ہے، حکومت کھلاڑیوں کی سرپرستی کرے، عثمان وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نامور پروفیشنل باکسر عثمان وزیر 26 ستمبر کو تھائی لینڈ میں انڈونیشین باکسر ایری آگستا کیخلاف اپنی 19 ویں فائٹ لڑیں گے۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عثمان وزیر نے کہا کہ ان کا مقصد عالمی سطح پر پاکستان، گلگت بلتستان اور بلوچستان کا نام روشن کرنا ہے، میڈیا نے ان کے کیریئر کے آغاز سے بھرپور ساتھ دیا جس پر وہ صحافی برادری کے شکر گزار ہیں۔ عثمان وزیر نے کہا کہ 2015 سے وہ بین الاقوامی سطح پر پروفیشنل باکسنگ کر رہے ہیں اور پاکستان کیلئے مختلف ٹائٹلز جیت چکے ہیں، ان کی آئندہ فائٹ ان کے کیریئر کے لیے اہم ہے جس کے بعد وہ مزید بڑے ٹائٹلز کیلئے کوالیفائی کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پاکستان کے نوجوانوں کے لیے مثال بننا چاہتے ہیں اور مستقبل میں بھی باکسنگ کے فروغ کیلئے کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے اپنی فائٹ کے لیے مالی اور انتظامی تعاون پر کمانڈر پشاور عمر بخاری، چیف منسٹر گلگت بلتستان اور دیگر معاونین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دنیا کے سامنے لانے کے لیے حکومت، اداروں اور اسپانسرز کی مسلسل سرپرستی کی ضرورت ہوتی ہے۔ عثمان وزیر نے حکومت پاکستان، پاک فوج اور متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ تمام کھیلوں اور کھلاڑیوں کو یکساں مواقع اور سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک کھلاڑی کی کامیابی کے پیچھے کئی سال کی محنت، تربیت، غذائیت، میڈیکل سپورٹ اور دیگر اخراجات شامل ہوتے ہیں، جنہیں عام طور پر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ نئی نسل کے باکسرز کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی بھی کر رہے ہیں تاکہ پاکستان میں موجود باصلاحیت نوجوانوں کو عالمی سطح پر کھیلنے کے مواقع مل سکیں۔ پاکستان میں بے شمار باصلاحیت فائٹرز موجود ہیں جنہیں مناسب مواقع اور سہولیات کی ضرورت ہے۔ باکسر عثمان وزیر نے بتایا کہ ایشیا میں ان کی یہ آخری فائٹ ہوگی جس کے بعد وہ آسٹریلیا منتقل ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 26 ستمبر کو تھائی لینڈ میں ان کی فائٹ بھی شیڈول ہے جبکہ مستقبل میں انڈونیشیا، برطانیہ اور دیگر ممالک میں بھی مقابلوں میں شرکت کا منصوبہ ہے۔ انہوں نے نیشنل پریس کلب اور صحافیوں کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد سے ان کے پروفیشنل باکسنگ کیریئر کا آغاز ہوا اور میڈیا نے ابتدا ہی سے ان کی حوصلہ افزائی کی، جسے وہ ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

بقیہ صباح 1

جھڑپیں افغانستان کے اپنے اندرونی سیکیورٹی اور انتظامی مسائل کی عکاسی کرتی ہیں۔ وزارت اطلاعات ونشریات کے فیکٹ چیک کے مطابق افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے افغان میڈیا "آماج نیوز" کو انٹرویو دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ بدخشان میں ہونے والے مسلح تصادم میں پاک فوج بھی موجود تھی۔ وزارت نے اس دعوے کو مسترد کرتے ہوئے اسے پاکستان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا قرار دیا ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق دستیاب آزادانہ رپورٹس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بدخشان میں جاری جھڑپیں افغانستان کے اندر موجود سیکیورٹی اور انتظامی چیلنجز سے جڑی ہوئی ہیں۔ وزارت کے فیکٹ چیک میں کہا گیا ہے کہ ان واقعات کو پاکستان سے جوڑنے کے لیے کوئی قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ وزارت اطلاعات ونشریات کا کہنا ہے کہ دستیاب آزادانہ رپورٹس بدخشان میں ہونے والی جھڑپوں کو افغان طالبان کی حکومت کے خلاف اندرونی مسلح مزاحمت کے تناظر میں بیان کرتی ہیں۔ ایسے واقعات کو بیرونی مداخلت کا رنگ دینے کے بجائے افغانستان کے داخلی حالات اور وہاں موجود سیکیورٹی چیلنجز کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ پاکستانی وزارت اطلاعات کے مطابق پاکستان نے مسلسل ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال افغانستان کی حمایت کی ہے۔ پاکستان کی پالیسی واضح ہے کہ ایک مستحکم افغانستان نہ صرف افغان عوام بلکہ پورے خطے کے امن واستحکام کے لیے ضروری ہے، جبکہ پاکستان کو اپنے پڑوسی ملک کو غیر مستحکم کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں۔ وزارت نے افغان طالبان رجیم پر زور دیا کہ وہ پاکستان پر الزام تراشی کے بجائے اپنی حکمرانی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل پر توجہ دے اور افغانستان میں امن واستحکام کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔ ماہرین کے مطابق افغان طالبان کی جانب سے پاکستان مخالف بیانات کو افغانستان کے اندر جاری صورتحال کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ ان کے مطابق افغانستان میں بڑھتی ہوئی مزاحمت اور مسلح تصادم کو بیرونی مداخلت سے جوڑنے کی کوشش ممکنہ طور پر داخلی مسائل سے توجہ ہٹانے کی حکمت عملی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ افغانستان میں مختلف علاقوں میں سامنے آنے والے مسلح تصادم کو بیرونی رنگ دینے کے لیے بے بنیاد اور غیر مصدقہ الزامات عائد کیے جا رہے ہیں۔ ان کے مطابق افغان طالبان رجیم کو پاکستان پر الزام تراشی کے بجائے افغانستان کے اندر موجود سیاسی، انتظامی اور سیکیورٹی چیلنجز کے حل پر توجہ دینی چاہیے۔ وزارت اطلاعات ونشریات نے واضح کیا ہے کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ پرامن اور تعمیری تعلقات کا خواہاں ہے، تاہم پاکستان کے خلاف بے بنیاد الزامات اور گمراہ کن پروپیگنڈے کو حقائق کے ذریعے بے نقاب کیا جاتا رہے گا

بقیہ صباح 2

کا حل نکالنے کے لیے دوستانہ انداز میں کوششیں کر رہے ہیں۔ منگل کو سینیٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ ایران نے پاکستان ایران گیس پائپ لائن پر بہت کام کیا ہے تاہم پاکستان پر موجود پابندیوں کی وجہ سے کوئی خاطر خواہ کام نہیں ہو سکا۔ وزیر توانائی نے کہا کہ پاکستان اور ہمارے مسلم برادر ملک ایران کے مفاد میں جو فائدہ مند ہے اس پر کام جاری ہے۔ دونوں فریقین دوستانہ ماحول میں مسئلے کا حل ڈھونڈ رہے ہیں اور پاکستان کے مفاد میں ایران گیس پائپ لائن کے مسئلے کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ علی پرویز ملک نے واضح کیا کہ پاکستان پر پابندیاں موجود ہیں اس لیے عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ریٹ اور دیگر چیزوں پر بات نہیں کرنا چاہتے۔ اس سے قبل سینیٹر طلحہ محمود نے توجہ دلاؤ نوٹس پر بات کرتے ہوئے کہا تھا کہ ایران پاکستان پائپ لائن پروجیکٹ 2006 میں شروع ہوا تھا اور اب 2026 ہو چکا ہے۔ اس وقت پاکستان گیس کی قلت کا سامنا کر رہا ہے اور اگر یہ پروجیکٹ مکمل ہو جائے تو ملک کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے سوال اٹھایا تھا کہ اگر ایران سے پابندیاں ہٹا دی جائیں تو کیا پاکستان پائپ لائن بچھانے کے لیے فوری طور پر تیار ہے یا اس میں مزید سال لگ جائیں گے

بقیہ صباح 3

یوسف رضا گیلانی نے عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر پوری امت مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفی ﷺ کی ولادت باسعادت کا دن اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت، رحمت اور برکت کا پیغام ہے۔ یہ مبارک دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اور تعلیمات مبارکہ کے مطابق ڈھالیں۔ اپنے خصوصی پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے انسانیت کو صبر وبرداشت، عدل وانصاف، عاجزی وانکساری، رواداری، محبت، اخوت، بھائی چارے اور امن کا درس دیا۔ آج امت مسلمہ کو درپیش مسائل اور چیلنجز کا حقیقی حل بھی اسی صورت ممکن ہے جب ہم ان عظیم اصولوں کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ ہمیں باہمی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اتحاد ویکجہتی کو فروغ دینے، نفرتوں کا خاتمہ کرنے اور معاشرے میں امن، محبت اور بھائی چارے کو پروان چڑھانے کا درس دیتی ہے۔ ہمیں اپنے اجتماعی نظام کو عدل وانصاف، مساوات اور اخوت کے اصولوں پر استوار کرنا ہوگا تاکہ ایک خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل ممکن ہو۔ سید یوسف رضا گیلانی نے زور دیا کہ اس بابرکت موقع پر ہمیں غربا، یتیموں، بے سہارا اور مستحق افراد کو خصوصی طور پر یاد رکھنا چاہیے اور ان کی مدد وکفالت کو اپنی ذمہ داری سمجھنا چاہیے۔ نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ خدمت انسانیت، ہمدردی اور ایثار کے عظیم جذبے سے عبارت ہے، جس پر عمل پیرا ہونا آج کے دور کی اہم ترین ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نئی نسل کو سیرت طیبہ ﷺ سے روشناس کرانا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے تاکہ نوجوان اعلیٰ اخلاق، دیانتداری، برداشت، احساس ذمہ داری اور قربانی کے جذبے کو اپناتے ہوئے ملک وقوم کے لیے ایک قیمتی اثاثہ بن سکیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ہمیں اپنی سیاسی وابستگیوں اور ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد اور غریب ومحروم عوام کی خدمت کے لیے متحد ہو کر آگے بڑھنا ہوگا۔ اتحاد، اخوت اور باہمی تعاون ہی ملک کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عید میلاد النبی ﷺ کی برکت سے امت مسلمہ اور پوری انسانیت پر اپنی خصوصی رحمتیں نازل فرمائے، دنیا کو درپیش تنازعات، کشیدگی، بدامنی اور سلامتی کے مسائل کا خاتمہ فرمائے اور عالم اسلام سمیت پوری دنیا کو امن، ترقی، خوشحالی اور بھائی چارے کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

بقیہ صباح 4

صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح وبہبود کے لیے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر ترقیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جاسکے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ کی سطح کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہو سکا۔

بقیہ صباح 5

پاکستان کی کوششیں جاری ہیں اس سلسلے میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر داخلہ محسن نقوی کا ایران کا ایک روزہ دورہ ہوا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایران کے دورہ کے دوران ایرانی صدر سمیت اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں اور کشیدگی میں مزید اضافے کی روک تھام، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور تنازع کے جلد خاتمے کیلئے اقدامات پر جامع تبادلہ خیال کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران مکمل ہوگیا، دورے کے دوران فیلڈ مارشل کے ہمراہ وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایران پہنچنے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا استقبال ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی اور دیگر اعلیٰ سول وعسکری حکام نے کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا کہ فیلڈ مارشل نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان، سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل میں رہبر اعلیٰ کے نمائندے محسن رضائی، ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف، ایرانی وزیر خارجہ وایرانی وزیر داخلہ سے ملاقاتیں کیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقاتوں میں کشیدگی میں مزید اضافے کی روک تھام، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور تنازع کے جلد خاتمے کیلئے اقدامات پر جامع تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں جانب سے علاقائی امن اور تنازعات کے مذاکرات کے ذریعے حل کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایرانی قیادت نے مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور تنازع کے پرامن حل میں سہولت کاری کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار اور مخلصانہ کوششوں کو سراہا۔

بقیہ صباح 6

سے انسانیت کے لیے رسول اللہ ﷺ کے پیغام کو تازہ کیا جاتا ہے، قرآن کریم کے ساتھ حکمت کا ذکر ہے، حکمت سے مراد رسول اللہ ? کی سنت بھی ہے، رسول اللہ ? کا ہر قول وفعل کتاب وسنت کا حصہ ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ صحابہ کرام ? کی زندگی ہمارے لیے معیار ہے، انہیں حق نہ سمجھنے والا گمراہ ہے، اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس کی استطاعت کے مطابق مکلف بنایا ہے، کامیابی یا ناکامی ہماری ذمہ داری نہیں، دین کے لیے محنت کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار بذات خود مقصد نہیں، اقتدار کا مقصد عدل وانصاف کا نفاذ ہونا چاہیے، ظلم وجبر کے مقابلے میں عدل ومساوات کا نظام رسول اللہ ? کی تعلیم ہے، حکمرانوں کو اللہ اور رسول ? کے فیصلوں اور احکامات کا احترام کرنا چاہیے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ اسلامی دنیا قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے مالا مال ہے، سیرت النبی ﷺ پر گفتگو کافی نہیں، ہمیں رسول اللہ ? کے اخلاق، تعلیمات اور طرز حکمرانی کو اپنانا ہوگا، دینی مدارس کی تعلیم کو جرم بنانا قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کو بائی پاس کر کے قانون سازی کرنا آئین اور جمہوری نظام کے لیے نقصان دہ ہے، مضبوط ادارے ضروری ہیں لیکن ہر ادارے کے اختیار کی ایک آئینی حد اور دائرہ کار ہے، صوبوں کو توڑنے کی بجائے ان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ صوبوں کے حقوق اور این ایف سی ایوارڈ میں کمی نہیں ہونی چاہیے، ایسی صورت میں صورت حال خراب ہوگی، آئین ختم ہوا تو ملک کو دوبارہ سمیٹنا انتہائی مشکل ہوگا، ہم ملکی خیر خواہی، آئین اور پارلیمنٹ کو ان کے اصل راستے پر چلانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم، سیاسی جماعتوں اور مذہبی جماعتوں کو تقسیم کرنے کی پالیسی ملکی مفاد میں نہیں 18 ویں ترمیم اب حلق کا کانٹا بنی ہوئی ہے، جس کے تحت این ایف سی معاہدے سے وسائل صوبوں کو جاتے ہیں، آئین ٹوٹ گیا تو نئی آئین ساز اسمبلی بنانی پڑے گی، پھر ایسا انتشار پھیلے گا جسے سنبھالنا مشکل ہو جائے گا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ کابینہ کا اختیار کسی اور کے پاس نہیں جانا چاہیے، اس کے اثرات وفاقی اداروں پر پڑ سکتے ہیں، ہم کھل کر بات اس لیے کر رہے ہیں کیونکہ خیر خواہ ہیں، ہم پارلیمنٹ میں جو بات کرتے ہیں وہ عوام تک نہیں پہنچ پاتی۔

بقیہ صباح 7

اور خدمت کے جذبے سے سرشار ہو اور ملک وقوم کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ رسول اللہ کی بعثت نے انسانی معاشرے کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ایک نئی سمت عطا کی۔ آپ نے مکہ مکرمہ میں توحید، تقویٰ اور اخلاق پاکیزہ جیسی اقدار کے ذریعے اصلاح کی بنیاد رکھی، جبکہ مدینہ منورہ میں عدل ومساوات، قانون کی بالادستی اور انسانی حقوق وفرائض پر مبنی اسلامی معاشرہ قائم کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ اسوہ حسنہ تمام مسلمانوں کی دینی ودنیاوی اصلاح، فلاح اور مثالی کامیابی کے لیے مشعل راہ ہے۔ سیرت النبی ہر دور کے بدلتے تقاضوں کے باوجود بنی نوع انسان کے لیے کامل رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم نے انسانی شعور کو بلندی عطا کی اور انسانوں کی ذہنی واخلاقی نشوونما کے ساتھ انفرادی واجتماعی زندگی کے لیے ہدایت یافتہ راستہ متعین کیا۔ شخصی اور سماجی کردار سازی سیرت نبوی کے پیغام کا اہم ستون ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ موجودہ دور کے معاشی، معاشرتی اور اخلاقی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے اجتماعی زندگی کو سیرت حبیب کی تعلیمات کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ یہی ہماری اور آنے والی نسلوں کے لیے دنیا وآخرت میں کامیابی اور نجات کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 12 ربیع الاول کا مبارک دن معاشرے میں اتحاد ویکجہتی، بین المسالک ہم آہنگی اور بین المذاہب احترام کے فروغ کا بھی تقاضا کرتا ہے۔ اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے مکالمے، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دینا اسوہ رسول کے سنہری اصولوں کے مطابق مضبوط اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ آئیے اس مبارک دن عہد کریں کہ سیرت طیبہ کو اپنے کردار، انفرادی رویوں اور اجتماعی طرز عمل میں اختیار کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے اور پاکستان کو مضبوط، خوشحال، پرامن اور فلاحی ریاست بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے 12 ربیع الاول 1448ھ کے بابرکت موقع پر پوری قوم اور عالم اسلام کو نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفی کی ولادت باسعادت کی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ یہ دن اللہ تعالیٰ کی اس عظیم نعمت کی یاد تازہ کرتا ہے جس کے ذریعے انسانیت کو ایمان، ہدایت، عدل، رحمت اور اخلاق حسنہ کا کامل راستہ عطا ہوا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد مصطفی ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر مبعوث فرمایا۔ رسول اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت عالم انسانیت کے ایسے روشن دور کا آغاز تھی جہاں جہالت کی تاریکی ختم ہوئی اور علم وہدایت کا اجالا نصیب ہوا، ظلم کا تدارک ہوا اور عدل وانصاف کی لازوال مثال قائم ہوئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ نبی کریم ؐ نے اپنے اسوہ حسنہ کے ذریعے قرآن مجید پر عمل پیرا ہو کر انفرادی اور اجتماعی فلاح ونجات کا ایسا انقلاب برپا کیا جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ آپ نے ثابت کیا کہ صالح معاشرہ اعلیٰ فطری اقدار، عدل، رحم، احساس ذمہ داری، تقویٰ اور پرہیزگاری کے ذریعے تشکیل پاتا ہے۔

بقیہ صباح 8

عدل، مساوات، رواداری اور انسانیت کی خدمت کا کامل نمونہ ہے۔ اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ ہمیں اس عظیم ہستی کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی یاد دہانی کراتی ہے جنہوں نے انسانیت کو جہالت، ظلم اور ناانصافی کے اندھیروں سے نکال کر علم، عدل اور اخوت کی روشنی عطا کی۔ نبی کریم ﷺ نے معاشرے کے کمزور طبقات، یتیموں، مسکینوں، خواتین اور ضرورت مندوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی زور دیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ ہمارے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ آپ ﷺ نے عدل وانصاف، دیانتداری، امانت، مساوات اور باہمی احترام کو معاشرے کی بنیاد بنایا۔ آج ہمیں درپیش چیلنجز کا مقابلہ بھی انہی سنہری اصولوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنا کر کیا جاسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے اور ہماری قومی شناخت اسلام کی امن، سلامتی، بھائی چارے اور انسانیت سے محبت کی تعلیمات سے جڑی ہوئی ہے۔ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے میں نفرت، تعصب، انتہا پسندی اور تقسیم کے بجائے اتحاد، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، قبائل، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے۔ یہاں بسنے والے تمام شہری ہمارے لیے برابر ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات ہمیں انسانوں کے درمیان برابری، بھائی چارے اور حقوق کی ادائیگی کا درس دیتی ہیں۔ صوبے میں امن، بھائی چارے اور بین المذاہب وبین المسالک ہم آہنگی کا فروغ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح وبہبود، امن وامان، تعلیم، صحت اور معاشی ترقی کے لیے اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ صباح 9

نظام کی بحالی، جدید کاری اور علاقائی روابط کے فروغ کے لیے فریم ورک معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ اس حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ یہ فریم ورک معاہدہ وزیر اعظم پاکستان کے وژن اور رہنمائی کے تحت طے پایا ہے، جس کا مقصد وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط شراکت داری قائم کر کے ریلوے کے نظام کو محفوظ، موثر اور جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا میں تقریباً 240 کلومیٹر طویل مضافاتی ریلوے لائنوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا، جن میں پشاور نوشہرہ جہانگیرہ (26 کلومیٹر)، نوشہرہ مردان درگئی (65 کلومیٹر)، نوشہرہ مردان چارسدہ (51 کلومیٹر)، نصیر پور (چمکنی) سے جمرود (30 کلومیٹر) اور جمرود سے لنڈی کوتل سفاری ریلوے روٹ (32 کلومیٹر) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پشاور کینٹ، پشاور سٹی، نوشہرہ اور جہانگیرہ ریلوے سٹیشنوں کی اپ گریڈیشن کی جائے گی جہاں مسافر سہولیات، صفائی اور سکیورٹی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ باہمی مشاورت سے دیگر روٹس، پی پی پی الائنس اور فنڈنگ کے متبادل ذرائع پر بھی کام کیا جائے گا۔ معاہدے کے مطابق کوہاٹ سے براستہ تھل خرلاچی تک تقریباً 192 کلومیٹر طویل نئی سٹریٹجک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ خرلاچی ریلوے رابطہ کے تحت پاکستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے مابین علاقائی تجارت، ٹرانزٹ اور آمد ورفت کے نئے مواقع پیدا کرے گا

بقیہ صباح 10

مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کی مکمل بحالی اور تنازعہ کے پرامن حل کے لیے دونوں جانب سے ضروری اقدامات پر بات چیت کی گئی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام میں وزیر داخلہ نے کہا کہ ایرانی صدر نے اپنی حکومت کا موقف اور تحفظات واضح انداز میں سامنے رکھے، جس پر دونوں اطراف سے مثبت مکالمہ ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ ملاقات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ پیش رفت خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے معاون ثابت

بقیہ صباح 11

پاکستانی ملاحوں کی واپسی چار ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود تاحال ممکن نہیں ہوسکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہل خانہ تاحال پریشان ہیں، یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، عالمی قوانین ہیں کہ مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قزاقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہوگئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قزاقوں کے ہاتھوں پھنسے 10 پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں کر رہے ہیں جن کی تفصیلات ابھی نہیں بتائی جاسکتیں، کوشش ہے کسی بھی طریقے سے ملاحوں کو چھڑایا جائے۔

بقیہ صباح 12

سے خبردار بھی کر دیا۔ ایران کی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے خبردار کیا کہ ایران کے خلاف اقتصادی جنگ جاری رہی تو آبنائے ہرمز سے تیل کا ایک قطرہ بھی گزرنے نہیں دیں گے۔ محسن رضائی نے کہا کہ ایران کے خلاف بار بار عائد کی جانے والی امریکی پابندیاں نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوں گی، پہلے بھی یہ اقدامات اپنے مقاصد میں ناکام ہو چکے ہیں۔

بقیہ صباح 13

ہیں۔ آسیہ نازتنولی اور دیگر کے اسلام آباد کے میڈیکل کالجز اور نجی ہسپتالوں میں بہت زیادہ فیسوں اور چارجز سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت ڈاکٹر نیلسن عظیم نے بتایا کہ یہ اہم مسئلہ ہے حکومت اس پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے، ڈپٹی وزیر اعظم کی سربراہی میں قائم کمیٹی نے اس کا جائزہ لے کر 18 لاکھ روپے سالانہ کی فیس طے کی۔ کچھ کالجز نے کہا کہ ہماری اضافی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے 25 لاکھ روپے فیس مقرر کی جائے۔ اس پر درخواستیں طلب کی گئیں، 61 نے اس پر درخواستیں جمع کروائیں۔ 35 کی اپیل کو درست قرار دیتے ہوئے ان کی فیس 21 لاکھ روپے مقرر کی۔ پی ایم ڈی سی نے اس پر ایک شکایات پورٹل قائم کیا جہاں پر شکایات طلب کی گئیں شکایات موصول ہونے پر 45 اداروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے ہیں کہ فیس ادائیگی سمیت تمام متعلقہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کمیٹی نے فیسوں کا تعین کر دیا ہے، ایک کمیٹی بنی ہے جو زائد فیسز پر سزائیں دیتی ہے۔

بقیہ صباح 14

کہ وہ سفارت کاری کی طرف واپس آئیں اور خطے میں امن واستحکام کے لیے مذاکرات دوبارہ شروع کریں۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے گزشتہ روز یوکرین کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر سلامتی کونسل کے اجلاس میں بحث کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فریقین کی جانب سے مختلف محاذوں پر حملوں میں اضافے، ان کی شدت اور پیمانے پر تشویش کا اظہار کرتا ہے کیونکہ اس سے متاثرہ علاقوں میں لوگوں کی زندگیوں اور روزگار کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے 15 رکنی سلامتی کونسل کو بتایا کہ توانائی اور خوراک کی فراہمی سے متعلق اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی اطلاعات بھی انتہائی تشویشناک ہیں۔ ایسے حملوں سے عالمی سطح پر پہلے ہی کمزور غذائی اور توانائی کی سلامتی مزید متاثر ہوتی ہے اور اس کے اثرات جنگی علاقے سے باہر رہنے والے لوگوں تک بھی پہنچتے ہیں۔ یہ اجلاس سلامتی کونسل کیا چھ یورپی ارکان ڈنمارک، فرانس، یونان، لٹویا اور برطانیہ کی درخواست پر منعقد ہوا۔ اگست کے لیے سلامتی کونسل کی صدارت ڈنمارک کے پاس ہے اور اجلاس کی صدارت ڈنمارک کے وزیر خارجہ لارس لوکے راسموسن نے کی۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ شہریوں، انسانی ہمدردی کے کارکنوں اور شہری بنیادی ڈھانچے کا تحفظ بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت بنیادی ذمہ داری ہے اور فریقین کو اس کا احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزیاں کشیدگی میں مزید اضافے، انسانی مصائب میں شدت اور دیرپا امن کے امکانات کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ پاکستانی مندوب نے سلامتی کونسل کے ارکان کو پاکستان کی جانب سے سنجیدہ اور بامعنی مذاکرات کے ذریعے خطے میں پائیدار امن واستحکام کے قیام کے مطالبات بھی یاد دلائے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے فوجی حل کی کوشش ترک کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دیرپا امن کا واحد قابل عمل راستہ باہمی طور پر قابل قبول پرامن تصفیہ ہے، جو اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد واصولوں، تمام فریقین کے جائز سیکیورٹی مفادات اور متعلقہ کثیر الجہتی معاہدوں سے ہم آہنگ ہو۔

بقیہ صباح 15

انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ یہ منظم اور پرامن احتجاج عوامی حقوق کی جدوجہد ہے جو مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ 13 ربیع الاول کو ملک گیر ہڑتال کی تاریخ دی جائے گی جبکہ عید میلاد النبی کی تقریبات بھی دھرنوں کے مقامات پر منائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور نظام چلانے والے مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں اور عوام پر مسلسل بوجھ ڈالے جارہے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک نے جنگی حالات میں بھی پٹرول کی قیمتوں میں معمولی اضافہ کیا، لیکن پاکستان کے حکمرانوں نے جنگ کو بھی کمائی کا ذریعہ بنالیا اور پٹرولیم مصنوعات پر بھاری لیوی اور ٹیکس عائد کر کے عوام کا استحصال کیا جارہا ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم لیوی اور تمام جنگی ٹیکس فوری طور پر ختم کیے جائیں، عوام کو ریلیف دیا جائے اور [illegible] کی قیمت اس روپے مقرر کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بائیکیا چلانے والے، طلبہ، مزدور اور مسافر سب مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں جبکہ حکمران اپنی شاہ خرچیوں اور اخراجات میں اضافہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے آئی پی پیز کے معاملات پر بھی سنگین سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ درآمدی کوئلے میں بے قاعدگیوں کے شواہد سامنے آئے ہیں اور پاور ڈویژن خود ان بے ضابطگیوں کا اعتراف کر چکا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کوئلے کی درآمدات اور آئی پی پیز کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے تاکہ حقیقت سامنے آسکے کہ کن عناصر نے قومی خزانے کو نقصان پہنچایا۔ ان کا کہنا تھا کہ نہ بننے والی بجلی، مہنگے فیول اور غیر شفاف معاہدوں کا سارا بوجھ عوام اٹھا رہے ہیں، جبکہ حکومت کے اپنے لوگ ان معاملات میں ملوث ہو سکتے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی کی ماضی کی تحریکوں کے نتیجے میں بجلی کے نرخوں میں دس روپے فی یونٹ کمی ہوئی اور عوامی دباؤ ہی حکومت کو فیصلے تبدیل کرنے پر مجبور کرتا ہے۔

بقیہ صباح 16

ڈوتے نے بتایا کہ لیہ میں دریا کی وجہ سے کئی دیہات دریا برد ہو رہے ہیں اور نقصانات ہو رہے ہیں، میری متعلقہ حکام سے بات ہوئی ہے، جو لوگ بے گھر ہو گئے ہیں ان کیلئے رہائشی سہولیات فراہم کی جارہی ہے، جن لوگوں کو نقصان ہوا ہے ان کو معاوضہ جات کی ادائیگی کی جائے گی، انتظامیہ چوکس ہے اور امداد وبحالی کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت لیہ سے 3 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے جیسے ہی پانی کم ہوگا بحالی اور معاوضہ جات کیلئے اقدامات شروع کیے جائیں گے۔ اویس حیدر جھکڑ کے سوال پر انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال بھی سیلاب سے جن لوگوں کو نقصان پہنچا تھا انہیں معاوضہ جات فراہم کیے گئے تھے۔ سید شاہ احد علی شاہ کے سوال پر انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے بھی متاثرین کیلئے فنڈز فراہم کیے ہیں۔ ڈپٹی سپیکر نے گرین فنڈز کے حوالے سے معاملہ متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا۔

بقیہ صباح 17

اپوزیشن دونوں کی ذمہ داری ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ اجلاس میں بہتری آئی اور تمام لوگ موجود تھے، امید ہے کہ آئندہ اجلاس میں مزید بہتری آئے گی اور کورم مکمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فورم اپنے اپنے علاقوں کے مسائل پر بات کرنے کے لیے ہے، اسے خالی چھوڑنا مناسب نہیں، اپوزیشن نے پارلیمنٹ میں قانون سازی سے متعلق اتحاد کیا ہے جو اچھی چیز ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے کمیٹیوں سے استعفے میں نے ابھی تک قبول نہیں کیے، میری یہی خواہش ہے کہ میں کمیٹیوں سے پاکستان تحریک انصاف کے استعفے قبول نہ کروں۔

بقیہ صباح 18

فضل چوہدری نے پیش کی جس کی ایوان نے متفقہ طور پر منظوری دے دی۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ یہ ایوان 1500 ویں میلاد النبی ﷺ کی تاریخی اہمیت کے پیش نظر یہ قرار داد پیش کرتا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اس موقع کو اعلیٰ سطح پر قومی پروگرام، میلاد النبی ﷺ کی محافل، میڈیا مہمات، فلاحی اقدامات، سرکاری اور نیم سرکاری عمارتوں اور شاہراہوں کو چراغاں اور سجاوٹ کے ذریعے منائیں۔

بقیہ صباح 19

دیانتداری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح وبہبود کے لیے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر ترقیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جاسکے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ کی سطح کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہو سکا۔ بھرتی کے پورے عمل میں کسی بھی ایگزیکٹو آفس سے کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا اور تقرریاں مکمل طور پر میرٹ پر عمل میں لائی گئیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میرٹ کو یقینی بنانے پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نورزئی اور پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں ہی نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ انہوں نے نو منتخب افسران سے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نوجوان افسران خلوص، محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ طے شدہ اہداف کے حصول کے لیے کام کریں۔ آئندہ مالی سال کے اہداف میں نمایاں بہتری کا حصول ان کا پہلا امتحان ہوگا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط اخلاص ہر سرکاری افسر کا طرہ امتیاز ہونا چاہیے۔ پاکستان ہی ہماری پہچان ہے اور فرائض کی انجام دہی میں ریاست کو ہر چیز پر مقدم رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کم کرنے کے لیے ہر سطح پر میرٹ کو فروغ دینا ہوگا، میرٹوکریسی کو مضبوط بنا کر ہی نوجوانوں اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد اور وابستگی کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے

بقیہ صباح 20

آج ان کی وفات کو 20 برس مکمل ہو رہے ہیں۔ برسی کے موقع پر کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سیاسی، سماجی اور قبائلی حلقوں کی جانب سے مختلف تقریبات کا اہتمام کیا گیا ہے، جبکہ ان کے آبائی ورہائشی مقام پر فاتحہ خوانی اور لنگر ونیاز کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ نواب اکبر خان بگٹی کی برسی کے موقع پر ان کے خاندان، قبائلی عمائدین، سیاسی کارکنوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے انہیں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس موقع پر مرحوم رہنما کی سیاسی، قبائلی اور سماجی خدمات کو یاد کیا جائے گا اور ان کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی جائے گی۔ نواب اکبر خان بگٹی کی 20 ویں برسی کے موقع پر ان کی رہائش گاہ پر خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔

بقیہ صباح 21

درآمدات پر انحصار کی بجائے برآمدات پر مبنی ترقی ماڈل پر ہماری گہری نظر ہے، پاکستان رواں مالی سال میں یورو بانڈز سے 1 ارب سے 2 ارب ڈالر حاصل کرنے کا ہدف رکھتا ہے۔ فنانشل ٹائمز کو انٹرویو میں وزیر خزانہ نے کہا کہ عالمی کیپیٹل مارکیٹس میں واپسی کی منصوبہ بندی کے تناظر میں پاکستان نے امریکا سے مالی تعاون حاصل کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ماہ پاکستان کی جانب سے واشنگٹن سے مانگی گئی 10 ارب ڈالر کی سویپ لائن کا مقصد نجی سرمایہ کاروں کے لیے اعتماد کا اشارہ دینا تھا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک (ایگزم بینک) اور ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن کا بہت اہم کردار ہے جنہوں نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے ممکنہ مالی خطرات برداشت کرنے کی آمادگی ظاہر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بنیادی طور پر امریکہ کے ساتھ روابط کا ایک مجموعہ ہے جس کا مقصد تجارت اور سرمایہ کاری کے بہاؤ پر توجہ مرکوز کرنا اور بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹس کے حوالے سے مثبت اشارے دینا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ 10 ارب ڈالر کی سویپ لائن کے معاملے پر اسلام آباد کو واشنگٹن کی جانب سے تعمیری پیش رفت کی ہے اور انہیں امید ہے کہ اگلے چند ماہ میں جواب موصول ہو جائے گا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت درآمدات پر انحصار کم کرنے اور ملک کو درپیش ادائیگیوں کے توازن کے مسلسل بحرانوں سے نکالنے کے لیے برآمدات کو فروغ دینا چاہتی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے لیکویڈیٹی بڑھا کر اور کھپت پر مبنی ترقی کی جانب بڑھ کر معیشت کو تیزی سے آگے بڑھانے کی کوشش سے ہم بہت جلد مشکلات میں پھنس جاتے ہیں کیونکہ ہم درآمدات پر انحصار کرنے والی معیشت ہیں۔ اس لیے درآمدات پر انحصار کی بجائے برآمدات پر مبنی ترقی وماڈل پر ہماری گہری نظر ہے۔

بقیہ صباح 22

گھرانہ کی چوری پر پورے گاؤں یا علاقہ کی بجلی بند کرنے کا طریقہ کار تبدیل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نقصانات کو ختم کرنے کیلئے واپڈا بجلی چوروں کے خلاف نہیں جاتی بلکہ پورے علاقہ کی بجلی بند کر دی جاتی ہے۔ واپڈا کی پالیسی پر ایوان میں بحث کرائی جائے اور لوگوں کو ریلیف دیا جائے۔ اس معاملہ پر چیئر کی رولنگ آنی چاہئے۔ پی پی پی کے آغا رفیع اللہ نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ان کے حلقہ میں بھی ہے، اس مسئلہ کا جامع اور پائیدار حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے چینی برآمد کی گئی جس سے چینی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، اب چینی کی درآمد کے حوالے سے فیصلے ہو رہے ہیں، اس معاملہ کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

بقیہ صباح 23

اگر ایسا نہ ہوتا تو ہم کافی آگے جا چکے تھے۔ ہماری کوششوں پر پانی ڈال دیا گیا، اگر بانی پی ٹی آئی کا شفا انٹرنیشنل اسپتال میں علاج ہو جاتا تو بہت اچھا ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ وہ مایوس نہیں ہیں اور دوبارہ کوشش کریں گے، رابطے نہیں چھوڑا کرتے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کے مطابق اب تک ہونے والی تمام بات چیت بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت پر سیاست اور بیان بازی نہیں ہونی چاہیے، سپریم کورٹ کے احکامات پر عملدرآمد ہونا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا علاج سیدھا معاملہ تھا، جس نے بھی روکا اچھا نہیں کیا۔ جس نے آخری لمحے پر اسپتال منتقلی کا پلان تبدیل کیا، اس نے غلط کیا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ حکومت نے انہیں کبھی نہیں بتایا کہ شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقلی کے حوالے سے کوئی سکیورٹی خدشات ہیں۔ ان کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو شفا کے بجائے پمز لے جایا گیا، تاہم وہاں بھی وہ علاج نہیں کیا گیا جو ضروری تھا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی سکیورٹی کے حوالے سے انہیں بھی خدشات تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ کور اور سیاسی کمیٹی کے اعلامیے کے ذریعے واضح کردیا گیا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا اسپتال نہ لے جایا جائے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر آج بھی عمل ہو سکتا ہے، اگر سننے والے سن رہے ہوں۔ سپریم کورٹ میں ان کی پٹیشن پر نمبر لگ چکا ہے اور انہوں نے جلد سماعت کی درخواست بھی دائر کر دی ہے۔

بقیہ صباح 24

ہے، جس سے پاکستانی مصنوعات کی چین اور وسطی ایشیائی ممالک کی منڈیوں تک رسائی میں وسعت اور تجارتی روابط میں مزید استحکام آرہا ہے۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق مالی سال 2025-26 کے دوران خنجراب پاس کے ذریعے چین سے درآمدات پر 15 ارب روپے کا ریکارڈ ریونیو حاصل کیا گیا جبکہ گزشتہ مالی سال کے دوران یہ ریونیو 13.67 ارب روپے تھا۔ پاکستان کسٹمز حکام کے مطابق خنجراب پاس کے ذریعے چین اور وسطی ایشیائی ممالک کو 2.8 ارب روپے مالیت کی پاکستانی مصنوعات بھی برآمد کی گئیں۔ ٹرانسپورٹس انٹرنیشنل روڈ کارز (TIR) نظام کے تحت پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ٹی آئی آر ایک عالمی کسٹمز ٹرانزٹ نظام ہے جو مختلف ممالک کے درمیان سامان کی نقل وحمل کو تیز، محفوظ اور آسان بنانے میں معاونت فراہم کرتا ہے۔ خنجراب پاس کے ذریعے برآمد کی جانے والی پاکستانی مصنوعات میں جراحی سامان، ملبوسات، چاول، چمڑے کی مصنوعات، قالین، پھل، سبزیاں اور دستکاری شامل ہیں۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق خنجراب پاس پر درآمدی اشیا کی مؤثر جانچ پڑتال اور مربوط نظام کے ذریعے اسمگلنگ کی روک تھام کے اقدامات کو بھی مزید مؤثر بنایا گیا ہے۔ خنجراب پاس کے ذریعے بڑھتی ہوئی تجارتی سرگرمیاں پاکستان کے لیے چین اور وسطی ایشیا کی وسیع منڈیوں تک رسائی کے نئے مواقع پیدا کر رہی ہیں جبکہ ملکی مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں رسائی بڑھنے سے برآمدات اور اقتصادی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ صباح 25

معاونت کا بڑا حصہ قرض کی شکل میں حاصل ہوا۔ اعداد وشمار پر مبنی دستاویزات کے مطابق جولائی میں موصول ہونے والی غیر ملکی اقتصادی معاونت میں 74 کروڑ 46 لاکھ 70 ہزار ڈالر قرض جبکہ ایک کروڑ 83 لاکھ 70 ہزار ڈالر گرانٹس پر مشتمل تھے۔ اس طرح جولائی کی مجموعی اقتصادی معاونت کا تقریباً 97 فیصد قرض کی صورت میں حاصل ہوا۔ مزید تفصیلات کے مطابق جولائی کے دوران چین نے پاکستان کو 14 کروڑ 66 لاکھ 20 ہزار ڈالر کی غیر ملکی اقتصادی معاونت فراہم کی۔ اسی عرصے میں کثیر الجہتی مالیاتی اداروں اور دیگر ذرائع سے پاکستان کو 25 کروڑ 28 لاکھ 30 ہزار ڈالر موصول ہوئے۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ جولائی میں پاکستان کو بجٹ سپورٹ کی مد میں 34 کروڑ 39 لاکھ 90 ہزار ڈالر کا قرض حاصل ہوا۔ یہ رقم حکومت کی مالی ضروریات پوری کرنے اور بجٹ معاونت کے لیے موصول ہونے والی غیر ملکی اقتصادی امداد کا حصہ تھی۔ جولائی کے دوران غیر منصوبہ جاتی معاونت کی مد میں 43 کروڑ 27 لاکھ 30 ہزار ڈالر موصول ہوئے، جبکہ منصوبہ جاتی معاونت کے تحت پاکستان کو 33 کروڑ 3 لاکھ ڈالر فراہم کیے گئے۔ اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ غیر منصوبہ جاتی معاونت کا حجم نسبتاً زیادہ رہا۔ دستاویز کے مطابق جولائی 2026 میں پاکستان کو موصول ہونے والی مجموعی غیر ملکی اقتصادی معاونت میں قرضوں کا حصہ نمایاں رہا۔ مجموعی 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر میں سے تقریباً 97 فیصد رقم قرض کی صورت میں حاصل ہوئی جو بیرونی مالی معاونت کے ڈھانچے میں قرضوں کے غلبے کو ظاہر کرتا ہے۔

بقیہ صباح 26

چوہدری نے کہا کہ ہمیں پتا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا انٹرنیشنل کے بجائے پمز منتقل کریں گے تو میڈیا پر بہت شور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس سارے شور سے ہم گریز کر سکتے تھے لیکن اگر وہاں ایسے حالات تھے جن کی وجہ سے بانی پی ٹی آئی کی سکیورٹی متاثر ہوسکتی تھی تو پھر ہم نے یہ فیصلہ کیا۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ہم بانی پی ٹی آئی کی سکیورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتے اور ان کی سکیورٹی ہمارے لیے بہت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت پر بھی کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا کیونکہ اگر انہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے اور بعد میں پتا چلتا ہے کہ حکومت نے اُن کے علاج میں تاخیر کی تو یہ ہماری حکومت کے لیے ایک داغ ہوگا، جسے کوئی بھی نہیں چاہتا ہے۔

بقیہ صباح 27

راضی نامہ بھی ملزم کو ضمانت کا حق نہیں دیتا، قانون کسی شخص کو غیرت کے نام پر کسی کی جان لینے کی اجازت نہیں دیتا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے قرار دیا ہے کہ غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں فریقین کے درمیان سمجھوتہ یا مدعی اور گواہوں کا اپنے سابقہ بیانات سے منحرف ہونے کا حلف نامہ ملزمان کو ضمانت کا فائدہ نہیں دے سکتا کیونکہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 311 کے تحت غیرت کے نام پر قتل ناقابل راضی نامہ جرم ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ قانون یا مذہب کسی شخص کو "غیرت" کے نام پر کسی دوسرے انسان کی جان لینے کی اجازت نہیں دیتا اور ایسے فعل کو قتل تصور کیا جاتا ہے۔ جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے محمد ناصر اور پرویز کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست خارج کرتے ہوئے قرار دیا کہ ریکارڈ پر موجود شواہد بادی النظر میں ملزمان کو مقدمے میں ملوث کرتے ہیں اور الزامات ایسے جرائم سے متعلق ہیں جو ضابطہ فوجداری کی دفعہ 497 کی ممانعتی شق میں آتے ہیں۔ عدالت نے واضح کیا کہ ضمانت کے مرحلے پر کیے گئے مشاہدات عارضی نوعیت کے ہیں اور ٹرائل پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق ملزمان کے خلاف تھانہ کوٹ مٹھن، ضلع راجن پور میں 11 جون 202 کو مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعات 302، 109، 148، 149 اور 34 شامل کی گئیں۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان پر شریک ملزمان کے ساتھ مل کر تقریباً 17-18 سالہ نجمہ مائی کو 30 بور پستول سے فائرنگ کر کے قتل کرنے کا الزام ہے، پولیس کو مخبر سے اطلاع ملنے پر جائے وقوعہ پر پہنچنے کے بعد مقتولہ کی لاش ملی تھی۔ ملزمان کے وکیل محمد شہزاد فرید تنگریال نے عدالت کو بتایا کہ دونوں ملزمان بے گناہ ہیں اور انہیں مدعی نے مقدمے میں جھوٹا ملوث کیا۔ وکیل کے مطابق مقتولہ کی والدہ نذیر مائی سمیت بیٹی شاہدین رضانواز اور محمد نسیم نے حلف نامے جمع کرائے جن میں انہوں نے استغاثہ کے مؤقف سے انحراف کیا ہے اور اپنے بیانات بھی حلف ناموں کی پشت پر قلمبند کیے ہیں

بقیہ صباح 28

رکھا گیا ہے۔ موضوع پر بہترین مقالات سیرت پیش کرنے والوں کو نقد انعامات اور سرٹیفکیٹ دیے جائیں گے۔ سیرت کانفرنس کے موقع پر جید علما کرام اور سکالرز بھی اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ کانفرنس میں نوجوان نسل کو درپیش فکری، اخلاقی اور سماجی چیلنجز کا جائزہ لیا جائے گا۔ وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کا کہنا ہے کہ سیرت النبی ﷺ نوجوان نسل کے لیے کردار سازی اور مثبت طرز زندگی کی مضبوط بنیاد ہے۔ وزارت مذہبی امور کی جانب سے سیرت النبی ﷺ کے فروغ کے لیے ملک گیر سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ قومی سیرت النبی ﷺ پروگرام کے تحت ملک بھر میں کانفرنسز، سیمینارز، محافل نعت اور تعلیمی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ قرآن وسیرت نمائش، سیرت مقابلوں اور دیگر علمی وادبی سرگرمیوں کا بھی انعقاد ہوگا۔ ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا کے ذریعے سیرت النبی ﷺ کا مستند اور مثبت پیغام عام کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیرت النبی ﷺ کا فروغ کسی ایک ادارے نہیں، پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ صباح 29

رائٹرز کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران ایسے وقت میں ہوا ہے جب واشنگٹن اور تہران کے درمیان مذاکرات تعطل کا شکار ہیں اور خطے میں کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایک بار پھر امریکا اور ایران کے درمیان سفارتی رابطے اور جنگ کے خاتمے کے لیے ثالثی کا کردار سنبھالا ہے۔ رائٹرز کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی ان کی گفتگو ہوئی، جس میں پاکستان سے ایران پر اپنا اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے تہران کو مذاکرات کی جانب واپس لانے کی درخواست کی گئی۔ بلومبرگ نے بھی پاکستان کے آرمی چیف کے دورہ ایران کو مشرق وسطیٰ میں امن کی کوششوں کے تناظر میں نمایاں کیا ہے۔ بلومبرگ کی تازہ کوریج میں دورے کو ایران اور امریکا کے درمیان جاری بحران کے دوران پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی سرگرمیوں کا حصہ قرار دیا گیا ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کا براہ راست اثر عالمی توانائی اور تجارت پر پڑ رہا ہے۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث تیل کی ترسیل اور عالمی توانائی سپلائی کو خطرات لاحق ہیں، جبکہ خطے میں طویل جنگ کے خدشات نے عالمی منڈیوں میں بھی بے یقینی پیدا کر دی ہے۔ پاکستانی کوششوں کی اہمیت اس امر سے بھی واضح ہوتی ہے کہ موجودہ صورتحال میں اسلام آباد واشنگٹن اور تہران دونوں کے ساتھ رابطے رکھنے کی پوزیشن میں ہے۔

بقیہ صباح 30

سڑکوں پر آنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سی جے پی کا موقف ہے کہ حکومت نے پیپر لیک تنازع کے بعد خودکشی کرنے والے امیدواروں کے اہل خانہ کو معاوضہ دینے اور احتجاج کرنے والے نوجوانوں کے خلاف درج ایف آئی آر ختم کرنے کا وعدہ کیا تھا تاہم یہ مطالبات تاحال پورے نہیں ہوئے۔ تنظیم کا دعویٰ ہے کہ سپریم کورٹ نے بھی مظاہرین کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب کی تھیں تاکہ ان پر کارروائی کی جاسکے لیکن حکومتی سطح پر معاملہ تاحال تاخیر کا شکار ہے۔ 5 ستمبر کو ہونے والے مارچ کی قیادت مبینہ طور پر ان طلبہ کے اہل خانہ کریں گے جنہوں نے تنازع کے دوران اپنی جانیں گنوائیں جبکہ پولیس لاٹھی چارج کا سامنا کرنے والے طلبہ بھی مارچ میں شریک ہوں گے۔ کاکروچ جنتا پارٹی کا کہنا تھا کہ احتجاج پرامن ہوگا تاہم حکومت کی جانب سے وعدے پورے نہ کیے گئے تو پیپر لیک کے معاملے پر احتجاجی تحریک دوبارہ شدت اختیار کر سکتی ہے۔

بقیہ صباح 31

نے پیر کو پونچھ سیکٹر میں لائن آف کنٹرول کے ساتھ چوکیوں کا دورہ کیا اور بدلتی ہوئی سیکیورٹی صورتحال اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ جی او سی ایس آف اسپیڈ ڈویژن میجر جنرل منوج رارن بھی تھے۔ کمانڈر نے افسروں سے ملاقات کی اور اعلیٰ آپریشنل تیاری برقرار رکھنے اور ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے صلاحیتوں کو بڑھانے پر زور دیا۔ یہ دورہ ایسے وقت ہوا ہے جب صرف ایک دن قبل ویسٹرن کمانڈ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل پشپندر سنگھ نے رائزنگ سٹار کور کے ٹائیگرز ڈویژن کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا تھا اور ابھرتے ہوئے ہنگامی حالات کا جواب دینے کی صلاحیت کا اندازہ لگایا تھا۔ انہوں نے مسلسل جنگی تیاری کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ سینئر فوجی کمانڈروں کے پے در پے دورے، جن میں بار بار آپریشنل تیاریوں، ابھرتے ہوئے ہنگامی حالات اور "بدلتی ہوئی سکیورٹی صورتحال" کا حوالہ دیا گیا، مقبوضہ علاقے میں فوجی کنٹرول پر بڑھائی گئی نشاندہی کرتے ہیں اور اس تیاری کے پیچھے موجود مقاصد کے بارے میں سوالات اٹھاتے ہیں۔ پونچھ، راجوری پٹی بار بار بھارتی فوجی جائزوں کا مرکز رہی ہے۔

بقیہ صباح 32

کرتے ہوئے کہی۔ بلال بن ثاقب نے پاکستان کے اے آئی اور ٹوکنائزیشن کے وژن کو عالمی فورم پر اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ حکومتوں کو ایسی ریگولیٹری ادارہ جاتی صلاحیت پیدا کرنا ہوگی جو جدید ٹیکنالوجی کی رفتار سے تبدیل ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ورچوئل اثاثوں پر پابندی سے ریگولیٹڈ نگرانی کی جانب منتقل ہو گیا ہے، پاکستان میں ڈیجیٹل مالیاتی انفرااسٹرکچر کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں موثر ریگولیٹری نظام سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ 2018 کی پابندیوں سے ورچوئل اثاثوں کی سرگرمیاں ختم نہیں ہوئیں، پابندیوں کے باعث ورچوئل اثاثوں کی سرگرمیاں آف شور پلیٹ فارمز اور پیئر ٹو پیئر چینلز تک منتقل ہوئیں، ورچوئل اثاثوں کے موثر انتظام کے لیے ریگولیشن اور نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورچوئل ایسٹس ایکٹ 2026 کے تحت پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کو پاکستان کا مخصوص ریگولیٹری ادارہ قائم کیا گیا، اسٹیٹ بینک کا سرکلر 10 لائسنس یافتہ ورچوئل اثاثہ سروس فراہم کنندگان کے لیے بینک اکاؤنٹس کی اجازت دیتا ہے اور پی وی اے آر اے نے ورچوئل اثاثہ سروس فراہم کنندگان کے لیے لائسنسنگ ریگولیشنز نافذ کر دیے، اس کے ساتھ ساتھ پی وی اے آر اے اپنے لائسنسنگ پورٹل بھی فعال کر رہا ہے۔

بقیہ صباح 33

گیا۔ اعلامیے کے مطابق ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق شہزادہ منصور نے زراعت، بندرگاہوں، شاہراہوں اور ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ اعلامیہ کے مطابق رئیل اسٹیٹ، توانائی، بجلی کی ترسیل اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع میں بھی اظہار دلچسپی کیا گیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان جی ٹو جی اور بی ٹو بی مشترکہ تعاون کے لیے بہترین وقت ہے۔ اعلامیہ کے مطابق شہزادہ منصور نے پاکستان سے کاروباری روابط کے فروغ کے لیے سعودی حکومت اور کاروباری برادری کی دلچسپی کا اعادہ کیا۔ سعودی وفد دورہ? پاکستان میں متعدد اعلیٰ حکومتی شخصیات اور نجی شعبے کے اہم اسٹیک ہولڈرز سے بھی ملاقاتیں کرے گا۔

بقیہ صباح 34

پاکستان میں تعینات بیلاروس کے سفیر آندرے میٹیلیٹسا سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ سائنسی وتکنیکی تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان سائنس فاؤنڈیشن پاکستان اور بیلاروس کے دو مشترکہ تحقیقی منصوبوں کی فنڈنگ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سائنس وٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کے لیے دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ کمیشن پہلے ہی قائم ہے، جس کے تحت باہمی تعاون کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی وتحقیقی منصوبوں پر عملی پیش رفت تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔

بقیہ صباح 35

پر وفاقی وزیر آبی وسائل معین وٹو نے ایوان کو بتایا کہ لیہ میں دریا کی وجہ سے کئی دیہات دریا برد ہو رہے ہیں اور نقصانات ہو رہے ہیں، میری متعلقہ حکام سے بات ہوئی ہے، جو لوگ بے گھر ہو گئے ہیں ان کیلئے رہائشی سہولیات فراہم کی جارہی ہے۔ جن لوگوں کو نقصان ہوا ہے ان کو معاوضہ جات کی ادائیگی کی جائیگی، انتظامیہ چوکس ہے اور امداد وبحالی کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت لیہ سے 3 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے جیسے ہی پانی کم ہوگا بحالی اور معاوضہ جات کیلئے اقدامات شروع کیے جائیں گے۔ اویس حیدر جھکڑ کے سوال پر انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال بھی سیلاب سے جن لوگوں کو نقصان پہنچا تھا انہیں معاوضہ جات فراہم کیے گئے تھے۔ سید شاہ احد علی شاہ کے سوال پر انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے بھی متاثرین کیلئے فنڈز فراہم کیے ہیں۔ ڈپٹی سپیکر نے گرین فنڈز کے حوالہ سے معاملہ متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا۔

بقیہ صباح 36

ٹریفک پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے خصوصی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے اکثر اضلاع میں سیکیورٹی انتظامات کے تحت موبائل فون سروس اور انٹرنیٹ سروس بھی مکمل طور پر بند رہے گی، جبکہ اہم مقامات، مذہبی اجتماعات اور مرکزی جلوس کے روٹس پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری تعینات رہے گی 12 ربیع الاول کے موقع پر شہر بھر میں مختلف مقامات پر محافل میلاد، نعت خوانی، سیرت النبی ﷺ کانفرنسز اور دیگر مذہبی اجتماعات منعقد ہوں گے، جبکہ مرکزی جلوس اپنے مقررہ روٹس سے ہوتا ہوا اختتامی مقام کی جانب روانہ ہوگا۔

بقیہ صباح 37

ہے کہ وہ کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے اپنا سفر شروع کرنے سے قبل متعلقہ انتظامیہ اور ٹرانسپورٹ حکام سے روٹ اور صورتحال کی تصدیق لازمی کر لیں۔ دوسری جانب سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر 25 اور 26 اگست کو کوئٹہ سے چلنے والی جعفر ایکسپریس ٹرین سروس کو بھی معطل رکھا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق ٹرین اور روڈ ٹرانسپورٹ کی معطلی کا مقصد مسافروں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، جبکہ حالات معمول پر آتے ہی سروسز کی بحالی کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ صباح 38

سرٹیفکیشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کیا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں تعینات بیلاروس کے سفیر آندرے میٹیلیٹسا سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ سائنسی وتکنیکی تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان سائنس فاؤنڈیشن پاکستان اور بیلاروس کے دو مشترکہ تحقیقی منصوبوں کی فنڈنگ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سائنس وٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کے لیے دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ کمیشن پہلے ہی قائم ہے، جس کے تحت باہمی تعاون کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی وتحقیقی منصوبوں پر عملی پیش رفت تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفرااسٹرکچر اور حلال سرٹیفکیشن کے شعبوں میں تعاون بھی مزید مضبوط کیا جارہا ہے۔ خالد حسین مگسی نے کہا کہ زرعی مصنوعات کے لیے مارکیٹ تک رسائی کے سلسلے میں بھی پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تعاون جاری ہے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور اقتصادی روابط کو مزید فروغ ملے گا۔ بیلاروس کے سفیر آندرے میٹیلیٹسا نے کہا کہ ان کا ملک سائنس وٹیکنالوجی کے تمام شعبوں میں پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گا۔ انہوں نے پاکستان کی کمپیوٹیشن اور دفاعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت کو سراہتے ہوئے باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان سائنسی، تکنیکی، تحقیقی اور صنعتی تعاون کو عملی منصوبوں میں تبدیل کرنے اور باہمی روابط مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ صباح 39

اتھارٹی میں 19 افسران کی بھرتی خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے اور اس عمل میں کسی قسم کی سفارش یا دباؤ کو قبول نہیں کیا گیا۔ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے روز اول سے واضح کر رکھا ہے کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور نوجوانوں کو ان کا حق صرف میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔ اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 14,500 اور محکمہ خزانہ میں 111 آسامیوں پر بھی شفاف اور میرٹ پر بھرتیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی حالیہ تقرریاں بھی اسی میرٹ پر مبنی پالیسی کا تسلسل ہیں۔ ان بھرتیوں میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے آبائی ضلع سے ایک بھی امیدوار کا کامیاب نہ ہونا اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ بھرتی کے عمل میں کسی بھی قسم کی سیاسی یا انتظامی مداخلت نہیں کی گئی۔ شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان کا مقصد نوجوانوں کو محض سرکاری ملازمتیں فراہم کرنا نہیں بلکہ ایک ایسا شفاف نظام قائم کرنا ہے جس میں ہر نوجوان کو اپنی قابلیت اور اہلیت کی بنیاد پر آگے بڑھنے کا یکساں موقع حاصل ہو۔ میرٹ پر ہونے والی بھرتیاں اداروں کی استعداد کار میں اضافے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بھی بحال کریں گی۔ معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ماضی میں سفارش اور اقربا پروری کے تاثر نے نوجوانوں میں مایوسی پیدا کی، تاہم موجودہ حکومت اس تاثر کو ختم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت کی واضح پالیسی ہے کہ سرکاری ملازمت کسی فرد یا خاندان کی جاگیر نہیں بلکہ اہل اور حقدار نوجوانوں کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی جیسے اہم ادارے میں اہل اور قابل افسران کی شفاف طریقے سے تعیناتی صوبے کی معاشی اور انتظامی بہتری کے لیے بھی اہم ہے۔ میرٹ پر بھرتی ہونے والے نوجوان افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے [illegible]

بقیہ صباح 40

[illegible]

کہ فریم ورک معاہدہ وزیر اعظم پاکستان کی رہنمائی اور وژن کے تحت طے پایا ہے۔ وزیر اعظم چاہتے ہیں کہ پاکستان ریلوے کی بحالی اور جدید کاری کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط شراکت داری قائم ہو، تاکہ ریلوے نظام کو زیادہ موثر، محفوظ اور جدید بنایا جاسکے اور عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں پاکستان ریلوے اور صوبائی حکومتیں ریلوے انفرااسٹرکچر، مسافر سہولیات، رابطہ کاری اور سیفٹی سمیت مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہیں۔ ہر صوبہ کو ریلوے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ریلوے صرف سفری سہولت کا ذریعہ نہیں بلکہ چاروں صوبوں کو جوڑنے والی قومی شناخت بھی ہے، جو رنگ ونسل، زبان، علاقائیت اور فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر پاکستانی ہونے کا احساس دلاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کی ترقی ملک کے مختلف حصوں کو مزید قریب لانے، تجارت کے فروغ اور قومی یکجہتی کو مضبوط بنانے کا ذریعہ بنے گی۔

بقیہ صباح 41

کر کے قاتلوں تک پہنچیں اور انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے جاں بحق مزدوروں کے اہل خانہ سے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے شہداء کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر واستقامت کی دعا کی۔

بقیہ صباح 42

طبقات کا خیال رکھتے ہوئے معاشرے میں امن وخوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عید میلاد النبی ﷺ کی بابرکت ساعتوں کے صدقے ملک پاکستان بالخصوص بلوچستان میں امن واستحکام قائم فرمائے، عوام کو خوشحالی عطا کرے اور ہمیں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر حقیقی معنوں میں عمل کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ صباح 43

ذخائر میں خالصیت کی شرح 99 فیصد تک ہے۔ حکومت کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ مصنوعات کی پاکستانی جغرافیائی اصل کے ساتھ اس کی شناخت کو مضبوط بنانا ہے۔ عالمی منڈیوں میں عام طور پر ہمالیائی گلابی نمک کے نام سے معروف اس نمک کو پاکستان نے اس کی جغرافیائی شناخت کو مضبوط بنانے کے لیے کھیوڑہ پنک راک سالٹ کے نام سے رجسٹر اور فروغ دیا ہے۔ کھیوڑہ پنک راک سالٹ کو 18 جولائی 2022 کو جغرافیائی اشاریے (جی آئی) کے طور پر رجسٹر کیا گیا تھا اور اس وقت اس کے 17 مجاز صارفین ہیں۔ حکومت نے مصنوعات کی عالمی پہچان بڑھانے کے اقدامات کے تحت پنک سالٹ (گلابی نمک) کے جی آئی کی بین الاقوامی رجسٹریشن کے لیے بھی کوششیں شروع کی ہیں۔ حکومت نے پنک سالٹ کی برآمدات کے اندراج اور ضابطہ کاری کو بہتر بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے ہیں۔ وزارت تجارت نے پنک سالٹ کے لیے الگ ہارمونائزڈ سسٹم (ایچ ایس) کوڈ متعارف کرانے کا معاملہ پاکستان کسٹمز اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ساتھ اٹھایا کیونکہ اس سے قبل اس مصنوعات کے لیے کوئی مخصوص کوڈ موجود نہیں تھا۔ اس کے نتیجے میں پنک سالٹ کو ایچ ایس کوڈ 2501.0020 دیا گیا تاکہ اس کی برآمدات کا مناسب ریکارڈ رکھا جا سکے۔ یہ تبدیلی نوٹس نمبر 2023.24 کے ذریعے اختیار کی گئی۔ برآمدی مرحلے پر مصنوعات کی کم قیمت ظاہر کرنے کی روک تھام کے لیے کم از کم برآمدی قیمت 130 ڈالر فی میٹرک ٹن بھی مقرر کی گئی ہے۔ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) نے گلابی چٹانی نمک کو بڑے بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر فروغ دیا ہے، جن میں ورلڈ ایکسپو 2025 اوساکا میں پاکستان پویلین بھی شامل ہے۔ جسے اس مصنوعات کے گرد یونیورس ان اے گرین آف سالٹ کے موضوع پر تیار کیا گیا تھا۔ پویلین میں گلابی چٹانی نمک کی تنصیبات، پاکستان کے پنک سالٹ کی تاریخ سے متعلق معلومات، کھیوڑہ نمک کی کانوں سے متعلق ویڈیو، ایک ڈیجیٹل انٹرایکٹو گیم اور ہیلنگ گارڈن شامل تھے۔ ان نمائشوں کے ذریعے پاکستان کے ثقافتی ورثے، اقتصادی صلاحیت اور قدرتی وسائل کو بھی اجاگر کیا گیا۔ دیگر تشہیری سرگرمیوں میں فوڈ ایگ کراچی اور متحدہ عرب امارات میں گلف فوڈ، جرمنی میں انوگا، فرانس، کینیڈا اور ملائیشیا میں سیال، فوڈیکس جاپان اور ملائیشیا میں میاس جیسی بین الاقوامی نمائشوں میں پاکستانی نمک کمپنیوں کی شرکت شامل ہے۔ ٹی ڈی اے پی نے خریداروں اور فروخت کنندگان کے درمیان ملاقاتوں، تجارتی وفود، مصنوعات کی پروفائلنگ، مارکیٹ سے متعلق معلومات اور استعداد کار بڑھانے کے پروگراموں کا بھی اہتمام کیا ہے۔ حکومت کے اقدامات کا مقصد کھیوڑہ پنک راک سالٹ کی پاکستانی شناخت کا تحفظ، برآمدی دستاویزات اور قیمتوں کے نظام کو بہتر بنانا اور بین الاقوامی سطح پر اس کی تشہیر کو وسعت دینا ہے جبکہ طویل مدتی مصنوعات سے متعلق تجارتی برانڈنگ بنیادی طور پر نجی شعبے کے مجاز صارفین کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ صباح 44

پی ٹی آئی کا قابل ڈاکٹرز نے چیک اپ کیا اور انہیں صحت مند قرار دیا، ہمارا موقف ہے کہ عدالت کے فیصلے پر عمل ہوا، عدالت فیصلہ کرے گی کہ کس کی رہ گئی یا فیصلے پر عمل ہوا؟ 15 ستمبر کو عدالت جو فیصلہ کرے گی اس پر عمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت نے کہا تھا بانی پی ٹی آئی کی صحت اور ملاقات سے متعلق کوئی بات میڈیا پر نہیں کریں گے۔ آپ نے عمران خان کی صحت پر پریس کانفرنس کی، آپ خاموشی کے ساتھ وزیر اعلیٰ کو کہہ دیتے کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ [illegible]

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The District Council Duki invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates.

Bid Security 2% Tender Fee 1000/- BSDI Phase-III

S #	Description of work	E/Cost
1	Provision & Installation of Solar Street Lights for Nana Sahib Ziarat Duki.TSE-2027081177043	6,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **ELIGIBILITY:** All mandatory requirements are mentioned in Bidding documents for qualifying the eligibility criteria. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage – One envelope bidding procedure. **BID SECURITY:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at call, Bank Guarantee of 2% specified above in the name of undersigned from scheduled bank. **TENDER DOCUMENTS:** The bidding document can be obtained from the office of the under-signed **PKR 1,000** deposited in NBP Account No. 4170957074. **ISSUANCE OF TENDER DOCUMENTS:** From the date of publication of NIT to 11 September, 2026 during office hours on working days. **LAST DATE OF BID SUBMISSION:** The Tenders must be submitted latest by **11 September, 2026 till 11:00 AM. TENDER OPENING:** All Tender will be opened on same date at office of the undersigned at **12:00 PM.**
ADRESS: Office of the District Council Duki.
Phone No. 0315-8995753
Email: samandarkhan0011p@gmail.com

CHIEF OFFICER
District Council, Duki

DAB/AB No.262/25-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob dgpr.balochistan